ولا الضالین فقال من خلفہ آمین فوافق قولہ قول اھل السماء وفی روایۃ للدارمی ھکذا وجہ استدلال ۔ جناب رسالت مآب صلعم نے مقتدیون کے آمین کرنے کو امام کی ولا الضالین کہنے پر معلق فرمایا اور یہ اول دلیل ہے اخفاے آمین امام پر کیونکہ تعلیق مذکور مقتضی تعیین مقام تامین ہے اور بر تقدیر جہر آمین کے یہہ تعلیق لغو ہوتی ہے اور قرینہ اخفا بنا برین تعلیق وہ حدیث نسائی و دارمی ہے جسمین فان الامام یقول آمین ہے کیونکہ امام کی آمین کا کہنا مقتدیون کو جتلانا دلیل ہے اسپر کہ مقتدیون کو آمین کہنی امام پر علم نہین تہا اور عدم علم مقتدیون کا مستلزم ہے عدم جہر کو ملا علی قاری نے لکہا ہے فیہ[۱] حجتان احدھما علی مالک بان الامام یقولھا والثانیۃ علی الشافعی بانہ یخفیھا الامام لانہ لوکان جھرًا لکان مسموعًا فیستغنی عن قولہ فان الامام یقولھا **اقول** آنحضرت کا قول فانہ من وافق قولہ قول الملائکۃ اخفاء آمین امام و موتم پر دال ہے اسلیے کہ موافقۃ کو موجب مغفرت گناہان ٹھہرایا ہے لیکن وجہ موافقت مذکور نہین کہ وقت مین یا اخفاءً بیں یا نفس کہنے مین ہے اگر موافقت اخفا مین مطلوب ہو فتعین المطلوب اور اگر کسی اور امر مین مطلوب ہو تو ظاہر ہے کہ بطریق اخفا نیز وہ موافقت حاصل ہے پس موافقت تامہ فی الجملہ موافقت سے بہتر ہے فتعین الاخفاء دون الجھر اگر کوئی شبہ کرے کہ جس کتب مین تامین مقتدی کا تعلیق ولا الضالین پر ہے انہین کتب مین تامین امام پر بہی مذکور ہے اذا امن الامام فامنوا وارد ہے اور عسقلانی و قسطلانی نے لکہا ہے کہ قولوا وال ہے امر بالجہر پر

[۱] قولہ فیہ حجتان الخ [illegible]

حیث قال مناسبۃ الحدیث للترجمۃ من جھۃ ان فی الحدیث الامر
بقول آمین والقول اذا وقع بہ الخطاب مطلقا حمل علی الجھر ومتی ارید بہ
الاسرار وحدیث النفس قید بذلک انتھی **اقول** احادیث صحیحہ مین
دو طرح کے تعلیق مذکور ہے اول امام کے ولا الضالین کہنے پر دوم امام
کی آمین کہنے پر تعلیق دوم محتمل دو امر کی ہے اول امام کے آمین کہنے پر دوم
امام سے آمین سُننے پر اور تعلیق اول مین خاص پہلا معنی ہے پس دلالۃ تعلیق
اول کی اپنے معنی پر قطعی ہے بخلاف ثانی کے تو محتمل کا قطعی پر حمل کرنا واجب ہے
نہ بالعکس تو اِس حدیث کا بھی وہی معنی ہے جو پہلی حدیث کا ہے یعنی تعلیق تامین
مقتدی کی ولا الضالین کے سُننے پر جو وقت تامین کے کہنے کا ہے نہ تامین کے
سُننے پر اور سِر اسکا کہ حدیث دوم محتمل دو معنی کے ہے یہہ ہے کہ تامین عبارت
ہے آمین کہنے سے نہ آمین سُننے یا سُنانے سے اور کہنا محتمل سر و جہر دونون کا ہے
بلکہ قرینہ قطعیہ تامین امام سے آمین آہستہ کہنے پر یہہ ہے کہ امام مالک و امام محمد
نے اسی حدیث اذا امن الامام مین ذکر کیا ہے وکان رسول اللہ یقول آمین
اسواسطے کہ اظہار کرنا کہ آنحضرت آمین فرماتے تھے دال ہے اسپر کہ مقتدیونکو
آنحضرت کی آمین پر وقت نماز خبر نہین تھی ورنہ فایدہ اخبار نہ رہیگا کہ وہ یا مخاطب
جاہل کو عالم کرنا ہے و یا اپنا عالم ہونا جتلانا ہے شق ثانی یہان باطل ہے
تو شق اول متعین ہوئی اگر وہ بھی یہان متحقق نہ ہو تو فایدہ خبر باقی نہ رہیگا
اور نیز نسائی اور دارمی کا روایت کرنا فان الامام یقول آمین اسی احتمال کا موید
ہے اور وہ جو عسقلانی اور قسطلانی نے فرمایا ہے باعث تعجب ہے اگر یہہ کلیہ

۱؎ قولہ حیث قال الخ یعنی ان دونون نے کہا کہ مناسبت حدیث کی ترجمہ کے ساتھ اس جہت سے ہے کہ حدیث مین امر ہے ساتھ کہنے آمین کے اور جب خطاب قول کے ساتھ مطلقا واقع ہو تو محمول جہر پر ہوتا ہے اور جب اخفا اور حدیث نفس ارادہ کیا جاوے تو مقید اسکے ساتھ لاتے ہیں ۱۲

صحیح ہو تو چاہیے کہ تشہد اور ربنا لک الحمد اور تسبیحات رکوع و سجود کا جہر اُکہنا
مسنون ہو ہذا خلف وجہ الملازمۃ فی الصحیحین والموطا والترمذی وابن ماجہ وغیرہا
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ
فقولوا اللہم ربنا لک الحمد الحدیث وفی الصحیحین وغیرہما عن ابن
مسعود انہ قال التفت الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال اذا صلی
احدکم فلیقل التحیات للہ الحدیث وفی ابی داؤد والترمذی وابن ماجہ
انہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا رکع احدکم فلیقل ثلث مرات سبحان ربی
العظیم وذلک ادناہ واذا سجد فلیقل سبحان ربی الاعلی وذلک ادناہ
اما بطلان التالی فلما فی الترمذی عن ابن مسعود من السنۃ ان یخفی
التشہد قال ابو عیسے العمل علیہ عند اہل العلم انتہی ولما اخرج
ابن ابی شیبہ عن ابن مسعود انہ کان یخفی بسم اللہ الرحمن الرحیم
والاستعاذہ وربنا لک الحمد انتہی پس امام بخاری سے عجب ہے کہ اس حدیث
کو جہر آمین پر دلیل لایا حالانکہ اُس کے خلاف پر نص قاطع ہے اس حدیث میں بعض
لوگون نے یہہ تاویل کی کہ جزا کا زمان بعد زمان شرط ہوتا ہے تو جب آنحضرت
نے تعلیق آمین مقتدیون کا امام کے ولا الضالین کہنے پر معلق کیا تو معلوم
ہوا کہ اسوقت وہ آمین کہین لہذا حضرت نے دوسری حدیث مین اُسکا بیان
کردیا کہ وہ وقت امام کے آمین کہنے کا ہے اس تقریر مین چند سے وجوہ
سے اعتراض ہین اول تو زمانہ جزا کا شرط سے بعد کبھی نہین ہوا بلکہ دونون
کا زمانہ ایک ہی از انکہ علۃ و معلول یا سبب مسبب ہین اور آن دونون کا زمانہ ایک

ہوتا ہے دیکھو کہ اہل عربیت کے مذہب پر نیز استنا و زمانہ ہے کہ وہ کہتے ہین کہ
حکم جزا بین ہے اور شرط بمنزلہ قید و حال ہے اور حال و ذو الحال کا زمانہ
ایک ہوتا ہے اور تقدم ذاتی مین ہمکو کلام نہین اور وہ یہان متصور نہین
ثانیاً انکہ اگر یہی بات ہے تو حدیث اذا امن الامام فامنوا مین بھی اسی طرح
جاری ہوگا کہ وہان بھی بعدیت زمانی متحقق ہے تو وہان سے بھی یہہ عقد
حل نہ ہوا کہ مقتدی کس وقت بعد آمین امام کے آمین کہے ثالثاً انکہ احادیث
تسمیع اور تشہد اور تسبیح مین کیا کہوگے کہ وہ ابہام و اجمال وہان بھی موجود ہے
پس ثابت ہوا کہ تعلیق ولا الضالین پر کرنا موجب اخفاء آمین ہے - چوتھی حدیث
سکتتین ہے فی المشکوٰة عن سمرة بن جندب انه حفظ عن رسول اللہ صلعم
سکتتین سکتة اذا کبر و سکتة اذا فرغ عن قرأة غیر المغضوب علیہم
ولا الضالین فصدقه ابی ابن کعب رواہ ابو داؤد و روی الترمذی و ابن ماجة
والدارمی نحوہ انتہی اور شک نہین کہ بقرینہ مقابلہ و مقام یہہ سکتہ ثانیہ بھی
بمعنی سکوت محض نہین بلکہ قرأة خفیہ ہے کیونکہ سکتہ اولی ثنا کے پڑھنے کے لئے
ہے تو سکتہ ثانیہ نیز کسی امر کے پڑھنے کے لئے ہوگا اور احادیث سے سوای آمین
کے اس مقام مین اور کوئی شئے ثابت نہین پس معلوم ہوا کہ آمین بالاخفاء
مسنون ہے جیسا ثنا بالاخفا قال الطیبی الشافعی فی شرح المشکوٰة دلالة
ان السکتة الاولی للثناء والسکتة الثانیة للتامین انتہی اور بعضون
نے جواب دیا کہ مراد سکتہ ثانیہ سے بعد الفاتحہ مع التعلقات اس کے کہ ہے یعنی
یہہ سکتہ حد آمین کے ہے لیکن اسکو یاد نہ رہا کہ حدیث مین سکتة اذا فرغ من الفاتحہ

نہین بلکہ لفظ خاص غیر المغضوب علیہم ولا الضالین وارد ہے والخاص
لایحتمل التکرار والتاویل۔ پانچوین حدیث عن ابی موسی الاشعری قال
قال رسول اللہ صلعم اذا صلیتم فاقیموا صفوفکم ثم لیؤمکم احدکم
فاذا کبر فکبروا واذا قال غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقولوا آمین
وجہ الاستدلال ظاہر علی من طالع الاستدلال بالحدیث الثالث
واما الآثار فمنہا ما رواہ محمد فی کتاب الآثار حدثنا ابو حنیفہ ثنا حماد
ابن ابی سلیمن عن ابراہیم النخعی قال اربع یخفیہن الامام التعوذ وبسم اللہ
الرحمن الرحیم وسبحانک اللہم وآمین ومنہا ما رواہ الطبری
فی تہذیب الآثار حدثنا ابو بکر بن عیاش عن ابی سعید عن ابی وائل قال
لم یکن عمر وعلی یجہران ببسم اللہ الرحمن الرحیم ولا بآمین ومنہا
ما اوردہ صاحب الکشاف والبیضاوی فی تفسیرہما روی الاخفاء
عن عبد اللہ ابن مغفل وانس ومنہا ما اوردہ النسفی فی الکافی روی عن عمر بن
الخطاب انہ قال یخفی الامام اربعۃ اشیاء التعوذ والبسملۃ وآمین وسبحانک
اللہم وبحمدک ومنہا ما اوردہ الامام ابن الہمام روی عن ابن مسعود
اربع یخفیہن الامام وذکر من جملتہا التعوذ والتسمیۃ وآمین ومنہا
ما اخرجہ ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ قال ترک الناس التامین الحدیث
اور ظاہر ہے کہ زمانہ ابوہریرہ زمانہ صحابہ وتابعین کا تھا پس یہہ اثر دال ہے
اسپر کہ صحابہ وتابعین نے ترک جہر آمین پر اتفاق کیا تھا کیونکہ لام استغراق
کا ہے اور قرینہ عہد موجود نہین اما دلیل عقلی پس وہ موقوف ہے تین مقدمات پر

مقدمہ اولی اجماع ہے کہ ماثبت بین الدفتین بخط القرآن فهو کلام الله کذا نقل البیضاوی والسیوطی وغیرہما پس یہی سبب ہے کہ اسماء سور وتعداد آیات وکلمات وحروف وارباع وانصاف واثلاث واوقاف ورکوع وغیر ذالک دوسرے ہی خط مغایر قرآن سے لکھتے ہیں یہانتک کہ بسم اللہ بین بھی چونکہ اختلاف ہی تو اوسکو بھی کچھ تغیر سے لکھتے ہیں۔

مقدمہ ثانیہ جو قرآن ہی نہیں وقت اسماع واجب ہے کہ باواز قرآن نہ پڑہا جاے اور یہی منشاء ہے کہ شافعیہ وقت قراءة فاتحہ بسم اللہ کو جہرا پڑہتے ہیں اور حنفیہ اخفاء سے پڑہتے ہیں کیونکہ فریق اول کے نزدیک جزو فاتحہ ہے اور فریق ثانی کے نزدیک فاتحہ کی جزو نہیں۔

المقدمۃ الثالثۃ آمین باتفاق قرآن سے نہیں اور یہی سبب ہی کہ بخط قرآن نہیں لکھی جاتی تقریب استدلال آمین وقت جہر قرءت باواز قرآن نچاہیے تاکہ مشابہ بالقرآن نہو اور اس سے لازم نہیں کہ وقت اخفاء قراة جہر بالتامین کرے اسلیے کہ مظنہ اشتباہ بالقرآن حالۃ اخفاء مین نہیں تو قیاس اخفا بجہر قیاس مع الفارق ہے وهو کما تری مثبت بالقرآن والاحادیث والاثار والدلیل العقلی المرکب من المقدمات النقلیۃ ان الاخفاء بالامین افضل واحب هذا ما حققنا فی هذا الباب والعلم عند الله تعالی +

سوال سوم

نماز میں زیر ناف ہاتھ باندھنا

الجواب المستطاب اقول بتوفیق اللہ و توفیقہ کہ تقریب جواب چند مقدمات پر موقوف ہے اولاً ہم تمہید مقدمات کرکے ثانیاً جواب دیتے ہیں

المقدمۃ الاولی اصول فقہ میں ثابت ہو کہ کتاب کی خبر احاد کے ساتھ بیان تفسیر و تقریر ہو سکتی ہے اور بیان تغییر نہیں ہو سکتا اور تخصیص کتاب بخبر احاد جائز نہیں اور وقت حاجت سے بیان کی تاخیر جائز نہیں اور وقت خطاب سے بیان تفسیر و تقریر کی تاخیر جائز ہے فی التوضیح ان بیان التفسیر التقریر یجوز للکتاب بخبر الواحد دون التغییر لانہ دونہ فلا یغایرہ ولا یجوز التخصیص بخبر الواحد عندنا ولا یجوز تاخیر البیان عن وقت الحاجۃ لانہ تکلیف بما لا یطاق وھل یجوز تاخیرہ عن الخطاب فبیان التقریر والتفسیر یجوز موصولا و متراخیا لقولہ تعالی ثم ان علینا بیانہ انتھی فی التلویح قولہ فبیان التقریر والتفسیر یجوز موصولا و متراخیا اتفاقا ای بیننا وبین الشافعی والا فعند اکثر المعتزلۃ والحنابلۃ وبعض الشافعیۃ لا یجوز تاخیر بیان المجمل عن وقت الخطاب فان قلت فما فائدۃ الخطاب علی تقدیر تاخیر البیان قلنا فائدتہ العزم علی الفعل والتھیوء لہ عند ورود البیان فانہ یعلم منہ احد المدلولات بخلاف الخطاب بالمھمل فانہ لا یفھم منہ شیء اصلا واستدل علی جواز تراخی بیان التفسیر عن وقت الخطاب

۱؎ قولہ قولہ فی التوضیح توضیح میں ہے کہ قرآن کی بیان تفسیر و تقریر خبر واحد کے ساتھ جائز ہے اور بیان تغییر جائز نہیں کیونکہ خبر واحد کم ہے قرآن سے تغییر نہیں دیکھتی اور تخصیص قرآن کی خبر واحد کے ساتھ جائز نہیں ہمارے نزدیک اور تاخیر بیان وقت حاجت سے جائز نہیں کیونکہ یہ تکلیف مالا یطاق ہے یا خطاب سے ہی تاخیر بیان جائز ہے سو بیان تقریر و تفسیر موصولاً اور متراخیاً ہر دو جائز ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ثم ان علینا بیانہ ۔۔ ۱۲

۲؎ تلویح میں ہے کہ اتفاق سے مراد ہمارے اور شافعی کے درمیان اتفاق ہے ورنہ اکثر معتزلہ اور حنابلہ و بعض شافعیہ کے نزدیک بیان مجمل کی تاخیر وقت خطاب سے جائز نہیں پس اگر کہا جائے کہ تاخیر بیان کی تقدیر پر خطاب کا کیا فائدہ ہے تو ہم کہیں گے کہ فائدہ اس کا عزم علی الفعل اور اس کے لئے تیاری ہے وقت ورود بیان کے کیونکہ اس سے ایک مدلول معلوم ہوتا ہے بخلاف مہمل کے ۔۔۔ [illegible]

لقولہ تعالی ثم ان علینا بیانہ ای اذا قراءناہ بلسان جبریل ثم علیک
فاتبع قرآنہ وتکرر فیہ حتی یرسخ فی ذہنک ثم ان علینا بیانہ ای بیان
ما اشکل علیک من معانیہ وانما حمل علی بیان التفسیر لان معناہ اللغوی
ہو الایضاح ورفع الاشتباہ واما تسمیۃ التغییر بیانا فاصطلاح ولو سلم
فبیان التفسیر مراد اجماعا فلا یراد غیرہ دفعا للعموم المشترک ولو
سلم ان اللفظ عام ولیس بمشترک فبیان التغییر قد خص منہ
بالاجماع انتہی **اقول** اس مقدمہ کی تمہید سے جواب حاصل ہوا اُسکا
جو حضرت امام اعظم پر باب شروط صلوۃ مین کرتے ہین اس طرح کہ قولہ
تعالی اِذَا نُودِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِن یَّومِ الجُمُعَۃِ فَاسعَوا اِلٰی ذِکرِ اللّٰہِ وَذَرُوا البَیعَ
بیان شرائط سے ساکت ہوا اور عموم خطاب کی حیثیت سے عام تو تخصیص عام
کتاب حادظنیہ کے ساتھہ جایز نہین اور نہ اشتراط قطعی ظنی کے ساتھہ جایز ہے
وجہ سقوط یہہ ہے کہ اذا نودی للصلوۃ مین کلمہ صلوۃ مجمل ہے کیونکہ
جناب الہی نے کمیۃ من حیث تعیین اعداد الرکعات اور کیفیۃ من حیث
اداء بالارکان والشرائط اور دیگر خصوصیات لاحقہ بیان نہین کئے ہین
پس اگر شرائط کا بیان کرنا تخصیص قطعی بالظنی ہے تو چاہئے کہ کل ارکان
اور شرائط کا بیان بہی ایسا ہو واللازم باطل فالملزوم مثلہ بلکہ حق یہ ہے کہ آیۃ
مجمل ہے اور اخبار و آثار نے حجاب اجمال کو اُسکے مونہہ سے اُٹھایا ہے اور مجمل
کتاب کا بیان خبر واحد کے ساتھہ جایز ہے علاوہ آنکہ اگر مراد الہی یہہ ہے کہ
فاسعوا الی ذکر اللہ مین خطاب عام غیر مخصوص منہ البعض ہے تو یہہ ممنوع ہے

[حاشیہ:]
قولہ تعالی ثم ان علینا بیانہ ... [illegible]
ثم ان علینا بیانہ ای ان تعالی کا بیان
... بیان ... [illegible]
... تفسیر ... [illegible]
... اشتباہ ... اصطلاح ... [illegible]
... [illegible]
کرین کہ لفظ عام ہے اور
مشترک نہین تو بیان تغییر
مخصوص کیا گیا ہے اجماعا
۱۱۲

کیونکہ نص مذکور سے اعمی و اعرج و مریض خارج ہے کیونکہ نفی دا فرضیہ جمعہ اُن
بقولہ تعالی لیس علی الاعمی حرج ولا علی الاعرج حرج ولا علی المریض
حرج ثابت ہی اور نیز مملوک و مسافر و عورت باجماع جو مستند باخبار و آثار ہے
اس سے خارج ہے اگر مراد اُن کے عام مخصوص منہ البعض ہے تو اعتراض
اُنکا ساقط ہے کیونکہ جب قطعی مخصوص بالقطعی ہوئی تو خبر احاد و قیاس کے
ساتھہ بھی تخصیص جایز ہے فافہم وانصف **تفریع** اس مقدمہ کی تمہید سے
ثابت ہوا کہ مجمل کا بیان ادون کے ساتھہ جایز ہے مثلا مجمل قطعی اور بیان
ظنی ہو تو جایز ہے پس اگر دونون ظنی ہون تو بطریق اولی جایز ہے اعنی
دونون خبر احاد ہین لیکن مجمل غایت قوت صحت مین ہے اور بیان اُس سے
قوت مین کم ہے ؛

المقدمہ الثانیہ ان الحدیث المرسل ما سقط السند من اخرہ بعد التابعی جسکی
صورت اس طرح ہے کہ تابعی خواہ صغیر ہو یا کبیر کہتا ہے قال رسول اللہ صلعم
کذا او نحو ذلک ہکذا فی شرح نخبۃ الفکر اگر کوئی کہے کہ تابعی اپنی سند مین صحابی
کا نام لیتا ہے مگر عدم سماع اُس تابعی کا اُس صحابی سے ثابت ہی یہہ بھی
مرسل ہے یا نہین تو ہم کہتے ہین کہ مرسل ہے کیونکہ جب تابعی نے اپنے
مروی عنہ کا نام کہ خواہ وہ صحابی ہو خواہ تابعی خواہ دونون حذف کر دیا تو
وہ حدیث ہر تقدیر پر مرسل ہے جب اُس نے صحابی کا ذکر کیا تو بطریق اولی
مرسل ہے دیکھو کہ تعریف مرسل مین تعمیم تابعی صغیر ہو یا کبیر ہمارے قول
کا موید ہے علاوہ آنکہ وہ تقسیم جو ارباب اصول نے کی ہے ہمارے دعوی

کی سند ہے بیان اسکا اس طرح ہے قالوا فالسقط اما ان یکون من مبادی
السند من مصنف او من آخرہ بعد التابعی او غیر ذلک فالاول المعلق
والثانی المرسل والثالث ان کان باثنین فصاعدا مع التوالی فهو المعضل
والا فالمنقطع فی شرح نخبۃ الفکر وکذا ان سقط واحد فقط او اکثر من
اثنین لکن بشرط عدم التوالی بل لا یزید فی کل موضع من الاسناد عن
واحد هذا هو الصحیح الذی ذهب الیه الجمهور والخطیب وابن عبد البر
وغیرهما من المحدثین ان المنقطع ما لم یتصل اسناده علی ای وجه کان
انقطاعه بحیث یشمل المرسل والمعضل والمعلق لکن اکثر ما یستعمل فی
روایۃ من دون التابعی عن الصحابی کمالک عن ابن عمر وقیل ما اختل
فیه رجل قبل التابعی محذوفا کان الساقط او مبهما کرجل وشیخ
وقیل ما روی عن تابعی او من دونه قولا او فعلا قال النووی وهذا
غریب فان هذا هو المقطوع لا المنقطع انتهی پس یہہ عبارتین اس پر دال
ہین کہ جس حدیث مین بعد تابعی سقط ہو تو وہ معلق نہین کیونکہ ابتداء سے ساقط
نہین اور معضل و منقطع نہین اسلئے کہ یہہ دونون کا اطلاق اس حدیث پر ہے
جو اسمین راوی تابعی سے پہلے ساقط ہو دو یا زیادہ دو سے اگرچہ مع التوالی
سقط ہو تو وہ معضل ہے ورنہ منقطع ہے اگر وہ حدیث جسمین بعد تابعی سقط
ہے لکن صحابی مذکور ہے مرسل نہو تو تقسیم حاصر نہوگی واللازم باطل فکذا
الملزوم پس ثابت ہوا کہ انکا قول اس صورت سے کرنا کہ ان یقول التابعی
سواء کان صغیرا او کبیرا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذا

او فعل كذا او فعل بحضرته كذا او نحو ذلك بنابر تمثیل ہے نہ بنابر حصر و جمع +

المقدمة الثالثة مرسل مطلقاً امام اعظم و امام مالک و امام احمد وغیرہ ائمہ
کے نزدیک حجت ہے فی شرح نخبة الفكر قال الامام مالك فی المشهور عنه
انه صحيح و ابو حنيفة وطائفة من اصحابه وغيرهم من ائمة العلماء
كاحمد فی المشهور عنه انه صحيح حجة بل حكى ابن جرير اجماع التابعين باسرهم
على قبوله وانه لم يأت عنهم انكاره ولا عن واحد من الائمة بعدهم
الى راس المائتين الذين هم من القرون الفاضلة المشهود لها من
الشارع صلعم بالخيرية وبالغ بعض القائلين بقبوله فقواه على المسند
معللا بان من اسند فقد احالك ومن ارسل فقد تكفل لك انتهى
وفيه ايضا وقال الشافعي يقبل ان اعتضد بمجيئه من وجه آخر يباين
الطريق الاولى بان يكون شيوخهما مختلفة سواء كان مسندا او مرسلا
او اعتضد بان افتى عوام اهل العلم بمعناه اذا كان المرسل متصفا بكونه
من كبار التابعين ليترجح احتمال كون المحذوف ثقة فی نفس الامر فان قيل
اذا اعتضد بمسنده فالمسند هو الحجة ولا حاجة الى المرسل قيل ان المرسل
يقوى بالمسند ويبان به قوة الساقط وصلاحيته للاحتجاج اذ المسند
قد يكون ضعيفا وقيل هما دليلان اذ المسند دليل براسه والمرسل
دليل براسه والمرسل يعتضد ويصير دليلا آخر فيترجح بهما الخبر
عند معارضة خبر آخر ليس له طريق سوى مسنده انتهى قال الفاضل
العارف عبد العزيز ملتانی فی كتابه المسمى بكوثر النبي مسئلة المرسل

عند الشافعی لا یکون الا ضعیفا وعند ابی حنیفہ وجماعۃ یکون صحیحا
وضعیفا علی حسب حال الرواۃ فاذا روی المرسل من وجہ آخر مسندا
او مرسلا فعاضدہ صحیح متصل رجح المرسل انتہی -

المقدمۃ الرابعۃ زعم مخالفین ہے ان اصح الحدیث مارواہ البخاری
ثم مارواہ مسلم ثم ما کان علی شرطہما ثم ما علی شرط البخاری
ثم ما علی شرط مسلم

المقدمۃ الخامسۃ مسلم نے مقدمہ صحیح اپنے مین علماء سلف وخلف کے
اجماع کا دعوی کیا ہے کہ اگر معنعن کے راویون مین لقا ممکن ہو تو وہ اتصال
وسماع پر محمول ہے بشرطیکہ راوی مدلس نہ ہو والمعنعن ھو الذی فیہ فلان
عن فلان

المقدمۃ السادسۃ علقمہ بن وایل ابن حجر کوفی صدوق ہے امام مسلم نے
اپنی صحیح مین باب وضع یدہ الیمنی علی الیسری مین علقمہ کے روایت اسکے
باپ وایل ابن حجر سے نکالی ہے حدثنا زھیر ابن حرب قال نا عفان قال
نا ھمام قال نا محمد بن جحادہ قال حدثنی عبد الجبار ابن وایل عن علقمۃ
بن وایل ومولی لھم انہما اخبراہ عن ابیہ وایل ابن حجر انہ رای
النبی صلی اللہ علیہ وسلم رفع یدیہ حین دخل فی الصلوۃ کبر
وصف ھمام حیال اذنیہ ثم التحف بثوبہ ثم وضع یدہ الیمنی علی الیسری
پس وہ جو ترمذی نے علل کبیر مین فرمایا ہے سالت البخاری ھل سمع علقمۃ
عن ابیہ قال ان علقمۃ ولد بعد موت ابیہ بستۃ اشھر شرط مسلم پر صواب

نہین کیونکہ مسلم نے احتجاج معنعن مین امکان لقا شرط کیا ہے بلکہ اسی نہ ماننے
کے قول کے منافی ہے جواب ما جاء فی المراۃ اذا استکرہت علی الزنا مین
جبکہ وہ حدیث جسمین علقمہ ابن وایل عن ابیہ واقع ہے نکالی ہے کہا ہے ھذا
حدیث حسن غریب صحیح وعلقمۃ بن وایل ابن حجر سمع من ابیہ وھو
اکبر من عبد الجبار ابن وایل وعبد الجبار ابن وایل لم یسمع من ابیہ انتہی
تقریب استدلال بعد تمہید المقدمات المشیدۃ بالبراھین المرصوصۃ
والاصول المؤیدۃ بالحجج المنصوصۃ نشرع فی تقریب الجواب مستعینا
من جناب الملک الوھاب فنقول قد اخرج البخاری عن ابی حازمؒ[ع]
عن سھل بن سعدؓ قال کان الناس یؤمرون ان یضع الرجل الید الیمنی
علی ذراعہ الیسری فی الصلوۃ وقال ابو حازم لا اعلمہ الا ینمی ذلک النبی صلعم
وروی مسلم مثل ذلک عن وایل بن حجر کما سبق ذکرہ فی مقدمۃ
فلیتذکر وعن ھلب الطائیؓ[۳] قال کان رسول اللہ صلعم یؤمنا فیاخذ
شمالہ بیمینہ رواہ الترمذی وقال حدیث حسن وفی الباب عن وایل
ابن حجر وعطیف ابن الحارث وابن عباس وابن مسعود یہ سب
احادیث سنیہ وضع ید یمنی یسری پر دال ہین لیکن بیان موضع مین کہ سینہ پر
یا سینہ کے نیچے ناف کے اوپر یا ناف کے نیچے باندھے مجمل ہے فنقول قد
روی ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ **حدثنا** وکیع عن موسی بن عمیر
عن علقمۃ ابن وایل ابن حجر عن ابیہ قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وضع یمینہ علی شمالہ فی الصلوۃ تحت السرۃ یہہ حدیث صحیح شرط مسلم پر ہے

[ع] ابی حازم سے سہل ابن سعدؓ روایت کی کہ لوگون کو حکم کیا جاتا تھا کہ داہنا ہاتھ بایں ذراع پر رکھے ابو حازم کہتا ہے مین نہین جانتا اسکو مگر کہ آنحضرت کی طرف یہہ حدیث مسوب ہے ۱۲

[۳] ہلب ابن طائی سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلعم امامت ہماری کرتے تھے تو بایان ہاتھ کو داہنے کے ساتھ پکڑتے تھے روایت کیا اسکو ترمذی نے اور کہا حدیث حسن ہے اور اس باب مین وایل ابن حجر روایات آئی ہین اور عطیف ابن الحارث اور ابن عباس اور ابن مسعود سے ۱۲

لان وکیع بن الجراح ابن ملیح الرواسی بضم الراء وھمزۃ ثم مھملۃ ابو
سفیان الکوفی ثقۃ حافظ عابد من الکبار التاسعۃ وموسی ابن عمیر
التمیمی العنبری الکوفی ثقۃ من کبار التاسعۃ ھکذا فی التقریب لہذا
شیخ قاسم قطلوبغا حنفی نے تخریج احادیث الاختیار میں ابد نقل کرنے اس
حدیث کے مصنف ابن ابی شیبہ سے فرمایا ھذا سند جید وکیع احد الاعلام
وموسی بن عمیر وثقہ ابو حاتم وروی عنہ النسائی وعلقمۃ وقد اخرج
عنہ البخاری فی رفع الیدین ومسلم فی صحیحہ والعلماء الاربعۃ وثقہ
ابن حبان انتہی جرح جو اس حدیث پر کرتے ہیں یاں علقمۃ قد ولد بعد ستۃ
اشھر عن موت ابیہ شرط مسلم پر صحیح نہیں اور نیز ترمذی کے قول سے
معارض ہے لما مر فی المقدمۃ السادسۃ اکہ حدیث صحیح متصل ہے
لما مر فی المقدمۃ الخامسۃ اور مقدم ہے اس حدیث پر جو شرط بخاری
اور مسلم پر نہیں لما مر فی المقدمۃ الرابعۃ اگر جرح مسلم ہو تو حدیث مرسل ہے
لما مر فی المقدمۃ الثانیۃ والمرسل حجۃ لما مر فی المقدمۃ الثالثۃ کیف
وقد اعتضد بالحدیث المسند الذی رواہ ابو جحیفۃ ان علیا قال من السنۃ
الصلوۃ وضع الاکف علی الاکف تحت السرۃ رواہ ابن بکر ابن ابی شیبۃ
وابو داؤد والدارقطنی والبیھقی ورزین وفی روایۃ من السنۃ وضع الاکف
علی الاکف تحت السرۃ رواہ ابو داؤد وعن ابی ھریرۃ انہ قال وضع الاکف
علی الاکف تحت السرۃ رواہ ابو داؤد وعن حجاج بن حسان انہ قال سمعت
ابا مجلز کیف یضع قال یضع باطن کف یمینہ علی ظاہر کف شمالہ ویجعلہا

لہ وکیع بن جراح ابن ملیح رواسی ابو سفیان کوفی ثقہ حافظ عابد کبار تاسعہ سے ہیں اور موسی بن عمیر تمیمی عنبری کوفی ثقہ کبار تاسعہ سے ہیں ایسا ہی تقریب میں ہے ۱۲ وکیع ایک امام ہیں اور موسی بن عمیر کو ابو حاتم نے ثقہ کہا اور ان سے نسائی اور علقمہ نے روایت کی اور بخاری نے رفع الیدین میں اور مسلم نے اپنی صحیح میں

اور علماء اربعہ نے اور ابن حبان نے اس کو ثقہ کہا ۱۲

۵۳ روایت کیا ابو جحیفہ نے کہ علی نے فرمایا نماز میں سنت ہے کف کو کف پر رکھنا ناف کے نیچے روایت کیا اسکو ابو بکر ابن ابی شیبہ اور ابو داؤد اور دارقطنی اور بیہقی اور رزین نے اور ایک روایت میں ہے کہ سنت ہے ہاتھ کو ہاتھ پر ناف کے نیچے رکھنا روایت کیا اسکو ابو داؤد نے ۱۲

تحت السرۃ رواہ ابن ابی شیبۃ وہ جرح کہ روایت علی پر کیا ہے بان فی اسنادہٖ
عبدالرحمن ابن اسحٰق ابن الحارث الواسطی ابو شیبۃ و یقال کوفی ضعیف
من السابعۃ ہمکو مضر نہین سات وجہ سے وجہ اول یہہ جرح اجمالی ہے اور جرح
اجمالی باتفاق قبول نہین وجہ ثانی یہہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے لیکن مترک
العمل نہین کیونکہ کوئی حدیث صحیح الاسناد اسکی معارض نہین تاکہ متروک بنے -
اگر کوئی شبہ کرے کہ اُسکے معارض وہ حدیث ہے جو ابن خزیمہ نے اپنی صحیح مین
وایل بن حجر سے روایت کی ہے قال صلیت مع رسول اللہ صلعم و وضع
یدہ الیمنے علی یدہ الیسرے علی صدرہ ہم کہتے ہین کہ یہہ حدیث معارض نہیں
کیونکہ آنحضرت کے فعل کی حکایت ہے وحکایۃ الفعل لا تعم لما مرّ تحقیقہ
فی بحث رفع الیدین تو یہہ حدیث اُس پر دال نہین کہ وضع الید علی الصدر سنت
ہے بلکہ اسپر دلالت کرتی ہے کہ آنحضرت سے وضع علی الصدر واقع ہوا ہے تو یہہ
وضع تحت السرۃ کے سنیت کو مضر نہین بلکہ مؤید ہے کیونکہ السنۃ ما واظب
علیہ النبی صلعم مع ترکہ مرۃ او مرتین تو آنحضرت نے وضع تحت السرۃ کو ایکبار
یا دو بار ترک کیا تاکہ اُمت مرحومہ ضعیفہ پر واجب نہ ہوا اور حدیث مذکور ہم پر
حجۃ جب ہوئی کہ وضع تحت السرۃ کی وجوب کے ہم قایل ہوتے وہو کما تری
بلکہ حق یہہ ہے کہ حدیث مذکور اُس جزو سلبی کے بیان کے واسطے ہے جو
مفہوم سنت وضع تحت السرۃ مین ماخوذ ہے کہ وہ ترک مرۃ او مرتین ہے
جیسے روایت علی جزو ثبوتی کے لئے کہ مواظبۃ ہی بیان ہے فہذا لنا علیہم
لا لہم علینا وجہ ثالث حدیث مرسل جو معتضد بسند ضعیف ہو وہ بالاتفاق

حجت ہے اور سند غیر معتضد بہ راجح ہے لما مر فی المقدمۃ الثالثۃ وجہ رابع حدیث صدر بسبب مخالفت اجماع معلول و مرجوح ہے کیونکہ سوائے شافعی کے وہ بھی ایک قول ہین کسی نے اسپر عمل نہین کیا امام شافعی سے بھی قول مشہور مین رجوع ثابت ہے لہذا نووی شافعی نے شرح مسلم مین کہا ہے۔

ویجعلہما تحت صدرہ فوق السرۃ ھذا مذھبنا المشہور وبہ قال الجمھور وقال ابوحنیفۃ وسفیان الثوری واسحاق بن راھویہ وابو اسحق المروزی من اصحابنا یجعلہما تحت سرتہ وعن علی ابن ابی طالب روایتان کالمذھبین وعن احمد روایتان کالمذھبین وروایۃ ثالثۃ انہ مخیر بینہما ولا ترجیح وبھذا قال الاوزاعی وابن المنذر وعن مالک روایتان احدھما یضعھما تحت صدرہ والثانیۃ یرسلھما ولا یضع احدھما علی الاخری وھذہ روایۃ جمھور اصحابہ وھی مذھب اللیث ابن سعد وعن مالک استحباب الوضع فی النفل والارسال فی الفرض وھو الذی رجحہ البصریون من اصحابہ انتہی اس سے معلوم ہوا کہ کسی مجتہد کا مذہب وضع علی الصدر نہین نہ قبل از شافعی نہ بعد اور بلکہ شافعی بھی قول مشہور مین اجماع سے اتفاق رکھتا ہے اور مذاہب ان تین امر دن مین منحصر ہین وضع یا ارسال وضع یا تحت سرہ یا فوق سرۃ کما قال الترمذی والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلعم والتابعین ومن بعدھم یرون ان یضع الرجل یمینہ علی شمالہ فی الصلوۃ ورای بعضھم ان یضع فوق السرۃ ورای بعضھم تحت السرۃ وکل ذلک واسع عندھم

اور روایت تیسری یہ کہ مخیر ہے درمیان دونوں کے اور ترجیح نہیں اور اسی کے قائل اوزاعی اور ابن منذر کا اور مالک سے دو روایتیں ہین ایک یہ کہ دونون ہاتھون کو سینہ کے نیچے رکھے اور دوسری یہ کہ دونو ہاتھون کو چھوڑ دے اور ایک کو دوسرے پر نہ رکھے اور یہ روایت جمہور اصحاب مالک کی ہے اور یہی مذہب لیث ابن سعد کا ہے اور مالک سے

اگر وضع علی السند بھی کسیکا مذہب ہوتا تو ترمذی اُسکو بھی نقل کرتا جیسا کہ اور مذہب نقل کئے ہین اور وضع کی حصر دو مذہب مین ذکرتا فالحدیث المرسل المعتضد بفتوی العلماء الاعلام مقدم علی الحدیث الغیر المعتضد المخالف عن فتوی الاجماع لما مر فی المقدمۃ الثالثۃ وجہ خامس عبدالرحمن ابن اسحاق واسطی امام صاحب کے بعد پیدا ہوا ہے تو اُسکا ضعف امام کے مذہب کی قوۃ کو مضر نہین کیونکہ ضعف سند مین بعد امام کے پیدا ہوا ہے شاید کہ امام کو بغیر ضعف پہنچا ہو وجہ سادس ہم نے مقدمہ اولی مین ثابت کیا ہے کہ بیان کا مجمل کے قوۃ مین ہونا واجب نہین تو حدیث ضعیف مجمل صحیح کا بیان واقع ہوسکتی ہے جیسکہ خبر واحد مجمل قطعی کے بیان کے لئے صالح ہے وجہ سابع حدیث مروی باسانید ضعیفہ تعدد طرق کے سبب ضعف سے نکلکر حسن لغیرہ کے درجہ کو پہنچتی ہے

سوال چہارم

آنحضرت کا مقتدیونکو سورہ فاتحہ سے منع کرنا

الجواب المستطاب اقول وبالحول نشرع اولاً فی الایراد الادلۃ علی منع قرءۃ الفاتحۃ خلف الامام ونجیب ثانیا عن ادلۃ الخصم جوابا یشفی العلیل ویروی الغلیل فاعلم یرشدک اللہ تعالی علی علم الکتاب والسنۃ ان علی منع القرءۃ خلف الامام دلائل بارقۃ وحجج شارقۃ لایحیطہا الاذہان ولایحصیہا افکار الانس والجان وانا نذکر منہا جملۃ من الادلۃ المؤیدۃ

بقسطاس البرهان لئلا یکون للناس حجۃ علی اللہ بعد البیان وماذا
بعد الاعلام والاعلان الا الضلال والطغیان **منہا** عن ابی ہریرۃ
قال قال رسول اللہ صلعم اذا امن القاری فامنوا فان الملائکۃ تؤمن
فمن وافق تامینہ تامین الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ رواہ البخاری
وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا امن الامام فامنوا فانہ من وافق
تامینہ تامین الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ متفق علیہ وفی
روایۃ قال اذا قال الامام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین فقولوا آمین
فانہ من وافق قولہ قول الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ ہذا لفظ البخاری
ولمسلم نحوہ توجیہ الاستدلال باربعہ وجوہ **وجہ اول** آنحضرت صلعم نے
امام کو باسم قاری تعبیر فرمایا اگر قرأت امام ومقتدی میں مشترک ہوتے
تو امام کو باسم قاری خاص نہ فرماتے اگر کوئی شبہ کرے کہ یہہ عمل مفہوم مخالف
پر ہے وہو لیس بحجۃ عند الحنفیہ تو جواب دو وجہ سے ہے اولاً خصم مفہوم مخالف
کے حجت ہونے پہ قایل ہے فالحدیث حجۃ علیہ ثانیاً یہہ اس باب سے
نہیں بلکہ کلام اسمین ہے کہ مراد قاری سے مفہوم عام مشترک بین الامام
والمقتدی ہے یا خاص امام ہے بدین طور کہ قرأت صفت خاصہ امام کی
ہو یا بدین طور کہ اطلاق عام ومراد خاص ہو اول باطل ہے کیونکہ تامین
اتباع امام کے قول کے ساتھ ہو نہ کہ اسکے ساتھ جو عام ہے امام ومقتدی
سے اور ثانی مطلوب ہی جس پر طبایع اذکیا مرغوب ہے ثالث نیز باطل ہے
ورنہ ارتکاب مجاز بغیر قرینہ صارفہ عن الحقیقۃ لازم آئیگا ومثل ہذا بعید

ع روایت ہے ابو ہریرہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے جب آمین کہے قاری تو تم آمین کہو اسواسطے کہ ملائکہ آمین کہتے ہیں پس جسکی آمین موافق ہوئی ملائکہ کی آمین سے بخشے جاتے ہیں اسکے اگلے گناہ روایت کیا بخاری نے اور روایت ہے کہا فرمایا رسول اللہ صلعم نے جب امام آمین کہے تو تم آمین کہو پس جسکی آمین

سے موافق ہوا اگلے گناہ اسکے بخشے جاتے ہیں یہہ حدیث متفق علیہ ہی اور ایک روایت میں ہے کہ جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو اسواسطے کہ جسکا قول ملائکہ کے قول سے موافق ہوا اسکے اگلے گناہ بخشے جاتے ہیں یہہ لفظ بخاری کا ہے اور مسلم میں اسی جیسا ہے

عن الرسول الذی ھو افصح العرب العرباء و ابلغ الادباء والخطباء اگر
کوئی کہے کہ امام کو اسلئے باسم قاری تعبیر کیا کہ قرات اسکی ظاہر ہی نہ مقتدی کی
تو جواب یہہ ہے کہ اطلاق عام شامل قرات خفیہ اور جہریہ کر کے ارادہ خاص
فرد کا کہ قرات جہریہ ہے لینا ارتکاب مجاز سے خالی نہیں اور صرف الی المجاز
بغیر قرینہ مانعہ اور نکتۂ رفیعہ کے جایز نہیں اما یہہ قول کہ ان المطلق اذا اطلق
یراد بہ الفرد الکامل عام و مطلق نہیں ورنہ جمیع عمومات اور اطلاقات مین
تخصیص و تقیید بلا ضرورت قاضیہ لازم آئیگی اور ہر جگہہ عام و مطلق سے
فرد کامل لیا جاویگا و ھل ھذا الا انھدام اساس الشریعۃ و انطفاء نبراس
الملۃ الرفیعۃ اعاذنا اللہ منہ **وجہ ثانی** اگر مقتدی بھی قرات فاتحہ
کرے تو اکثر اوقات اسکو ممکن نہیں کہ اتباع امام کرے تقریرہ الملازمۃ امام
نصف فاتحہ میں تہا کہ مسبوق نے اقتدا کی یا کسی بطئی القرات نے سریع القرات
کے ساتہہ اقتدا کی پس امام نے فاتحہ ختم کیا اور مقتدی مثلا اھدنا الصراط
المستقیم کو پہنچا تو مقتدی یا آمین کہیگا یا نہ کہیگا دونوں امر باطل ہیں فالملزوم
مثلہ اما اول اسلئے کہ نظم قرآن یہہ عبارت مختلہ بنے گی اھدنا الصراط المستقیم
آمین صراط الذین انعمت علیھم تو لازم آیگا اختلال غیر کلام اللہ کلام اللہ مین
اور ادخال کلام اجنبی غیر مرتبط قرآن مین حرام ہے کیونکہ اسمین شائبہ تحریف
ہے وھو حرام قطعا و مقدمۃ الحرام حرام قطعا اما ثانی اسلئے کہ خلاف امر آنحضرت
لازم آیگا اذا قال الامام ولا الضالین فقولوا آمین و اذا قال القاری
ولا الضالین فقولوا آمین اذا امن الامام فامنوا کیونکہ ان احادیث وارد

سے جمع طریق سے خصم پر استدلال وارد ہے **وجہ ثالث** جب مقتدی
امام کی تابعداری سکے باعث اثناء قرءۃ فاتحہ مین آمین کہیگا اور جب آپ
ولا الضالین پڑہیگا تو آمین کہیگا یا نہ بر تقدیر اول مقتدی کو دوبار آمین
کہنا پڑیگا ایک بار درمیان فاتحہ کی دوسری بار بعد فاتحہ کی
وای شناعۃ اشنع من ہذا بر تقدیر ثانی آمین کا کہنا غیر محل مقتضی امامین لازم
آئیگا وہو باطل **وجہ رابع** اگر مقتدی بھی قاری ہوتا تو آنحضرت صلعم اس
طرح ارشاد فرماتے اذا قولوا ولا الضالین فقولوا آمین کیونکہ جب امام وماموم
دونون بالاستقلال فاتحہ کے قاری ہوئے تو ہر ایک کو باستقلال لاحق
ہوگا جو تابع فاتحہ کا ہے کہ وہ تامین ہے نہ آنکہ امام وماموم فاتحہ پڑہنے
مین مستقل رہین اور فاتحہ کی تابع مین جو آمین ہے مقتدی تابع امام رہے
کیونکہ یہہ خلاف واقع اور خلاف معقول منقول ہے وہذا کلہ مما اشرت بہ
فافہم **منہا** عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلعم اذا جئتم
الی الصلوۃ ونحن سجود فاسجدوا ولا تعدوہ شیئا ومن ادرک
رکعۃ فقد ادرک الصلوۃ رواہ ابوداؤد وعن ابی ہریرۃ انہ کان
یقول من ادرک الرکعۃ فقد ادرک السجدۃ ومن فاتتہ قرءۃ ام القرآن
فقد فاتہ خیر کثیر رواہ مالک یہہ دونون حدیثین بچندین وجوہ دلیل
قاطع ہین اسپر کہ مقتدی پر قرءت فاتحہ واجب نہین وجہ اول اگر من ادرک
الرکعۃ تمام رکعت پر محمول ہوئے یعنی رکعت کا معنی تمام رکعت کا ہو
تو سجدہ ورکوع ہین جو مقابلہ کیا ہے اسکی مناسب نہین کیونکہ تفسیر ابہان واسطہ

کہ وہ ادراک رکوع ہے اسکا حکم بیان کرنا باقی رکھا بلکہ بمناسب تقابل ادراک
السجود ادراک الرکوع ہے۔ وجہ دوم اگر رکعت یہان بمعنی رکوع نہ ہو تو مناسب
تھا کہ آنحضرت اس طرح فرماتے اذا جئتم الی الصلوۃ ونحن فی الرکوع
فارکعوا ولا تعدوہ شیئا اور اس ہی سے عدم محسوبیۃ سجدہ کے بھی
بطریق اولی مستفاد ہے کیونکہ جب باوجود ادراک رکوع کے رکعۃ محسوب نہو
تو بادراک سجدہ کی کسطرح محسوب ہو نگی پس معلوم ہوا کہ رکعت سے
رکعت تامہ مراد نہین بلکہ رکوع ہے کما فی حدیث البخاری عن رفاعۃ ابن
نافع قال کنا نصلی وراء النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما رفع راسہ
من الرکعۃ قال سمع اللہ لمن حمدہ الخ وجہ سیوم مراد صلوۃ سے اس قول
بین من ادرک الرکعۃ فقد ادرک الصلوۃ رکعت ہے یا تمام صلوۃ یا ثواب
جماعۃ بر تقدیر اول مراد رکعت سے رکوع ہے یا رکعت تامہ پہلے شق پر ہمارا
مدعی ثابت ہے دوسرے شق پر یہہ معنی ہوگا من ادرک الرکعۃ التامۃ فقد
ادرک الرکعۃ ولا یخفی سخافتہ کیونکہ مفید معنی نہین بر تقدیر ثانی یہہ معنی ہوگا
من ادرک الرکعت الواحدۃ فقد ادرک تمام الصلوۃ تو چاہیئے کہ مسبوق بعد فراغت
امام نماز سے مافات من الصلوۃ کا اعادہ نہ کرے ولبطلان ہذا التقدیر مما لا یخفی
بر تقدیر ثالث اس قول مقابلہ جو نحن سجود فلا تعدوہ شیئا سے کیا ہے وہ عبث
ہوگا کیونکہ یہہ مقابلہ دال ہے اسپر کہ سوق کلام بیان محسوبیۃ اور عدم محسوبیۃ
مین ہے تاکہ وجوب اور عدم وجوب اعادہ کہ مستلزم فراغ ذمہ کو ہے مرتب
کیا جاوے پس بلحاظ این سوق مراد یہہ ہے کہ ادراک سے ادراک صلوۃ ہو

ہوتا کہ محسوب ہو کر مفروغ الذمہ ہو جاتے نہ اسکہ مدرک ثواب جماعت ہوئے تو یہ معنی
لینا مخالف سوق عبارت ہے ورنہ ثواب جماعت مسبوق کو تشہد بلکہ سلام کے
ادراک سے بھی حاصل ہے رکوع وسجدہ کا کیا ذکر ہے اور اگر ادراک تشہد وسلام
سے ثواب مرتب نہوتا تو شمول جماعۃ اسکو بعد فوت ہونے تمام رکعت ورکوع
کے اقتدا خلف الامام کا کیا فایدہ تہا علاوہ آنکہ فقد ادرک الصلوۃ کا معنی فقد
ادرک ثواب صلوۃ الجماعۃ کرنا حذف کثیر کا اور کثرت مجاز کا ارتکاب ہوتا ہے
وہو خلاف الاصل وجہ چہارم اطلاق رکعت رکوع پر حقیقۃ اور تمام رکعت پر مجاز
ہے باب اطلاق الجزء علی الکل سے ہے کما فی قولہ تعالی فارکعوا مع الراکعین
اما ابداء احتمال اشتراک شرعی پس قول بلا دلیل ہے اور مجرد اطلاق ثبوت کے لئے
کافی نہین مع ان الاشتراک خلاف الاصل فالحمل علی الحقیقۃ خیر من حملہ
علی المجاز بلا قرینۃ صارفۃ عنہا وجہ پنجم اگر معنی رکعت کا من ادرک الرکعۃ
فقد ادرک السجدۃ مین رکعت تامہ کا ہوتا تو معنی یہہ ہوتا من ادرک الرکعۃ التامۃ
فقد ادرک السجدۃ ایسی کلام مطرح جسمین کوئی نکتہ نہین ہرگز کوئی دانا
سو نہہ پر نہ لاویگا چہ جائے کہ حضرت رسالت موصوف بصفۃ اوتیت جوامع
الکلم وجہ ششم اگر جناب رسالت مآب صلعم من ادرک الرکعۃ فقد ادرک الرکعۃ
فرماتے تو اس سے ابلغ تہا کہ رکوع سے سجدہ کی طرف انتقال فرمایا ہوتا لانہ
یشعر عن طفرۃ النظام ویعبر عن اختلال نظام الکلام باوجودیکہ ادراک رکوع
مستلزم ادراک سجدہ ہے ولا عکس وجہ ہفتم قول آنحضرت من فاتتہ قرءۃ
ام القرآن فقد فاتہ خیر کثیر ایجاب قرءت فاتحہ پر دال نہین بلکہ اسپر دال ہے

که ادراک قرءت فاتحه یا سماع قرءت فاتحه کا امام سے افضل ہے ان احادیث
مرویه ابی ہریره کے ساتهه اس حدیث کا جواب حاصل ہوا که مسلم نے ابی ہریره
سے روایت کی ہے عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
من صلی صلوة لم یقرء فیها بام القران فهی خداج ثلاثا غیر تمام فقیل لابی هریرة
انا نکون وراء الامام قال اقرء بها فی نفسك فانی سمعت رسول الله صلعم
یقول قال الله تعالی قسمت الصلوة بینی وبین عبدی نصفین ولعبدی
ما سأل فاذا قال العبد الحمد لله رب العلمین قال الله تعالی حمدنی عبدی
واذا قال الرحمن الرحیم قال الله تعالی اثنی علی عبدی واذا قال مالك یوم
الدین قال مجدنی عبدی واذا قال ایاك نعبد وایاك نستعین قال هذا
بینی وبین عبدی ولعبدی ما سأل فاذا قال اهدنا الصراط المستقیم صراط
الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم ولا الضالین قال هذا لعبدی ولعبدی
ما سأل اور حصول جواب بچندین وجوه ہے اولاً حدیث ابی ہریره مین
ایسی کوئی شے نہین که مقتدی کے وجوب قراة پر دال ہو بلکه ابی ہریره کی رائے
ہے فقط کیونکه احتمال ہے که مراد حدیث مین وه نماز ہو که جسمین امام نہین
ثانیاً ممکن ہے که مراد ابی ہریره کے قول سے اقرء فی نفسك اخطار فی
البال ہو نه قرءت سریه کما فی قوله تعالی واذکر ربك اذا نسیت کیونکه آیه مین
ذکر سے مراد مقابل نسیان ہے نه ذکر لسانی ورنه مداومت اسپر ہو نہین
سکتی اسلئے که زبان کثرت تکلم وذکر سے مانده وعاجز ہوتی ہے تو اسی طرح
ما نحن فیه مین قرءت سے اخطار بالبال مراد ہے کیونکه اطلاق نفس قلب پر

عرف شرع میں بہت آیا ہے اور قراۃ قلبیہ مراد ہے التفات قلب من حیث الحفظ علی اللفظ والمعنی سے۔ اسکے ساتھ تعارض مرویات ابی ہریرہ سے مرتفع ہوا اور جمع نصوص متحقق ہوا اور نہ یہہ ابو ہریرہ کی راے سے فقط تو وہ معارض نہیں ہوسکتی ہے اس روایت کو جو مرفوعاً روایت کی ہے وثالثاً کلمہ خداج اصل صلوۃ کی نفی پر ہرگز دال نہیں بلکہ نفی کمال پر دال ہے اور وہ مفید خصم نہیں ہمارے کہنے پر دلیل وہ ہے جو ترمذی نے روایت کی ہے عن الفضل ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الصلوۃ مثنی مثنی تشہد فی کل رکعتین وتخشع وتضرع وتمسکن ثم تقنع یدیک یقول ترفعھما الی ربک مستقبلا ببطونھما وجھک وتقول یارب یارب من لم یفعل ذالک فھو کذا وکذا وفی روایۃ فھو خداج اور ظاہر ہے کہ بعد نماز تضرع وتخشع وتمسکن ودعا ہاتھ اُٹھا کے ہتھلیوں کو موںہہ کیطرف کرنا واجب نہیں اور اس مجموعہ یا ایک کا انمیں سے نہ ہونا اصل نماز کا مبطل نہیں بلکہ یہہ کام کرنے اداب سے ہیں تو کلمہ خداج کو فرضیتہ وایجاب پر دلالت نہیں فافہم فان ہذا المعنی للخصم قلیل الجدوی ورابعاً اگر من صلی صلوۃ الخ کا عموم مسلم رکہیں تو حدیث منسوخ یا مخصوص یا مرجوح اُن دلایل کے ساتہہ ہی جو گذر چکے ہیں اور جو آوینگے منہا قال اللہ تعالی اذا قرء القران فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلعم انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرء فانصتوا رواہ ابو داؤد والنسائی وابن ماجۃ وفی روایۃ لمسلم عن ابی ھریرۃ وقتادۃ فاذا قرء فانصتوا جیسکہ تقریب استدلال

[حاشیہ:] تو قد وارد ہوا قولہ تعالی اذا قرئ القران اللہ جب قرآن پڑھا جاوے تو تم سنو ... جب ... روایت ہے ... صلی اللہ علیہ ... امام اسلیے ... اس کی ... جب ... تکبیر کہے ... اور جب ... تو تم خاموش رہو روایت ... ابو داؤد ... نسائی ... ابن ماجہ نے ... روایت مسلم میں ہے ابو ہریرہ اور قتادہ سے کہ جب امام قرات کرے تو تم چپ رہو ۱۲

تین مقدمات پر موقوف ہی لہذا اولاً تمہید مقدمات کر کے اتمام تقریب ثانیاً کرتے ہین

المقدمۃ الاولی شارع نے خطاب بالعمومات بلا انضمام قرینہ صارفہ یا معینہ صادر فرمائے ہین پس اگر صیغہ وضعاً عموم پر دلالت نہ کرے تو خطاب شارع بالعمومات صحیح نہ ہو لامتناع الخطاب بما لا یفہم لاسیما فی مقام التکالیف کما فی الاوامر والنواھی علاوہ انکہ سنۃ اللہ بیان شرایع و احکام مین اسالیب کلام عرب پر جاری ہے اگر بغیر قرینہ کوئی لفظ عموم پر دال نہ ہوتے تو کسی عموم مین قرینہ سے خلو جایز نہ ہوتا پس ثابت ہوا کہ واضع نے جو لفظ عموم کے واسطے وضع کی ہے وہ اسپر دلالۃ کرتی ہے جیسا کہ وضع باقی معانی مقصودہ فی التخاطب مین ہے اور یہہ استدلال اثبات الوضع بالقیاس کے قبیلے سی نہین بلکہ اثبات الوضع بکثرت الاستعمال بلا قرینہ کی قبیلے سے ہے اور کوئی شک نہین کہ یہہ دلیل تام ہے وضع کے ہونے پر کیونکہ مجاز کے لئے قرینہ صارفہ عن الحقیقت چاہئی باوجود انکہ اصل استعمال مین حقیقۃ ہے نہ مجاز اور یہہ استدلال بالمعقول ہے واما اجماع پس اسلئے کہ صحابہ وغیرہم سے احتجاج بالعمومات بلا نکیر ثابت ہی اور سب صحابہ مین بلا نکیر شایع تہا تو اجماع سکوتی ہوئی اور شک نہین کہ استدلال صحابہ وضع لغۃ پر مبنی ہے اگر کوئی شبہ کرے کہ یہہ قراین سے سمجھا گیا ہے تو ہم کہتے ہین اگر ایسا ہو تو کسی لفظ کے واسطے ظاہر مفہوم نہ ہو کیونکہ جایز ہے کہ قراین سے سمجھا جاوی اسلئے کہ ناقلین نے ہرگز نص وضع نقل نہین کی بلکہ اکثر کو تتبع موارد استعمال سی اخذ کیا ہے

المقدمۃ الثانیہ عام بالوضع جمیع افراد اپنی کو مستغرق ہے اور جن افرادونکو
متناول ہے حکم اسکا انمین قطعی ہے تو تخصیص عام جبتک کہ کسی قطعی کی سات مخصوص
نہوئی تو خبر واحد قیاس سے جایز نہین اسلئے کہ جسکو قطعی متناول قطعاً ہے ابطال
اسکا ظنی سے جایز نہین برہان اسکی یہ ہے کہ جب عام اپنے جمیع افرادکو
من حیث الوضع مستغرق ہوا تو بعض پر اطلاق کرنا یا اطلاق کل علی الجزء
یا تسمیۃ الجزء باسم الکل کے قبیلے سے ہے تو احتمال تخصیص عام مین ویسا ہے
کہ ویسا احتمال مجاز حقیقیہ مین ہے اور ظاہر ہے کہ احتمال مجاز قطعیہ معنی حقیقی
کو مضر نہین جب تک کہ کوئی قرینہ صارفہ عن الحقیقۃ نہو فی التوضیح وعندنا
هو قطعی مساوٍ للخاص وسیجیئ معنی القطع فلا یجوز تخصیصہ لواحد منهما
مالم یخص بقطعی لان اللفظ متی وضع لمعنیً کان ذالک المعنی لازماً له
الا ان تدل القرینۃ علی خلافہ ولو اراد البعض بلا قرینۃ لا ترتفع
الامان عن اللغۃ والشرع بالکلیۃ لان خطابات الشرع عامۃ والاحتمال
الغیر الناشی عن دلیل لا یعتبر فاحتمال الخصوص ههنا کاحتمال المجاز
فی الخاص انتہی اگر کوئی شبہ کرے کہ ہم نے مانا کہ عام مستغرق لجمیع افراد من حیث
الوضع سے بعض کا ارادہ کرنا صرف لفظ ہے حقیقت سے مجاز کیطرف لیکن جب
قرینہ صارفہ عن الحقیقت پایا جاوے تو صرف الی المجاز ممنوع نہین اور ما نحن فیہ
مین قرینہ اسپر کہ عام سے مراد بعض ہے نہ کل دلالۃ خبر احاد و قیاس ہے تو ہم کہتے
ہین کہ صرف الی المجاز جب جایز ہے کہ قرینہ پر علم قطعی ہو اور خبر احاد و قیاس مین
جو احتمال ہے وہ ناشی ہے دلیل سے کہ احاد غیر متواتر و قیاس غیر منصوص علیہ ہے تاکہ

عام ہو اور اگر بعد قرینہ بعض
افراد کا ارادہ کیا جاوے تو امان لغت
و شرع سے بالکل اٹھ جاوے گا اسلیے
کہ خطابات شرع عام ہین اور
ایسا احتمال کہ دلیل سے پیدا ہو
معتبر نہین پس احتمال خصوص
عام مین ایسا ہے جیسا احتمال
مجاز کا خاص مین ہے ۱۲

اگر متواتر یا منصوص علیہ ہوتے تو یہہ احتمال زایل ہوجاتا تو عدم سقوط احتمال
ناشی عن دلیل سے لازم نہین آتا عدم احتمال سقوط کہ وہ دلیل سے ناشی نہین
اور دلالت لفظ معنی حقیقی پر بالمطابقت قوی ہے دلالت اللزوم علی اللازم
سے کیونکہ مطابقی اقدم ہے التزامی پر کما ثبت فی موضعہ تو جب انفکاک ملزوم
لازم سے کسی ظرف من الظروف مین جایز ہوا تو جو اقدم ہے علم التعقل مین
التزامی سے اُسکا انفکاک کس طرح جایز ہوگا پس شک نہین کہ دلالت لفظ معنی
حقیقی پر بالمطابقت قطعی ہی مگر اسکہ کوئی قرینہ مانع تا ثبوت قطعی پایا جاوے
ورنہ عارض محتمل اصل قطعی کو معارض نہین ہوسکتا ہے لان الظن لا یغنی
عن الحق شیئا اور اس طرح سے شبہ کرنا کہ بعض صحابہ نے بعض صحابہ سے
احادیث سنکر عمومات قرآنی اور اُن احادیث کی عمومات کو جو بلا واسطہ حضرت سے
سنتے تہے تخصیص کرتے تہے تو اگر عمومات قرآنی اور جو حضرت سے بلا واسطہ سنتے تھے
قطعی ہوتے تو احاد اخبار سے کسطرح مخصوص فرماتے فعلم ان حکم العام ظنی ضعیف
کیونکہ اجماع اصطلاح مین ہو اتفاق المجتہدین من امۃ محمد صلعم
فی عصر علی کل حکم شرعی فی التوضیح قید الاجماع بالحکم الشرعی لان بعضہم
قالوا على ما من حتى يعم الحكم الشرعي وغيره واعلم ان الاحكام اما دينية
واما غير دينية كالحكم بان السقمونيا مسهل للصفراء فان وقع الاتفاق
على هذا او لم يقع فهما على السواء حتى ان انكر احد لا يكون كفرا بل يكون
جهلا بهذا الحكم سواء وقع الاتفاق اولا واما الاحكام الدينية فاما ان تكون غير
شرعية والمراد بالحكم الشرعي ما ذكرت في اول الكتاب انه ما لا يدرك لولا

خطاب الشارع وما ليس كذالك فادراكه اما بالحس او بالعقل فكل منهما
يفيد اليقين فان كان ذلك الامر امرا حسيا ماضيا فالاجماع عليه يكون
اخبارا فلا يكون من قسم الاجماع المخصوص بامة محمد صلى الله عليه وسلم
ولا يشترط له الاجتهاد بل يكون من قبيل الاخبارات وان كان امرا حسيا
مستقبلا كامور الآخرة واشراط الساعة مثلا فمعرفته لا يمكن الا بالنقل
عن مخبر صادق يوقف على المغيبات كالنبي عليه السلام مثلا فان اجماعهم
على ذلك من حيث انه اجماع على ذلك الامر المستقبل لا يعتبر لانهم لا
يعلمون الغيب لكن يعتبر من حيث انه منقول عمن يوقف على الغيب
فيرجع الى الامر الاول وهو ان يكون امرا حسيا ماضيا وان كان امرا يدرك
بالعقل فالعقل يفيد اليقين فالدليل هو العقل لا الاجماع بخلاف الشرعيات
فان مستند الاجماع لا يكون الا قاطعا ثم الاجماع يفيد قطعية انتهى
جب یہ ظاہر ہوا تو ہم کہتے ہیں کہ وہ جو صحابہ سے تخصیص قطعیات باخبار آحاد
منقول ہے بچندین وجوہ اجماع مصطلح کی قسم سے نہین وجہ اول صحابہ
بنقل صحیح مستقبل تام ہمکو نہین پہنچی اور اگر ایسی نقل بھی تسلیم کرین تو اُس نقل
کا تواتر غیر مسلم ہے تاکہ حکم قطعیت اُسپر متفرع ہوتا اور مثل حدیث متواتر کے
نص قطعی کے حکم مین ہوتا بلکہ اسکی نقل یا بطریق تعلیق یا انقطاع کے ہے
اور اگر تنزل کرین تو وجہ احادسی ترقی نہین کرتا ہے تو خبر واحد کے حکم مین
ہوا اور خبر واحد مخصص کسی فرد قطعیات کی ہمارے نزدیک نہین تو
کس طرح حکم قطعیت جمیع عمومات کے ابطال مین معتبر کیجائیگی وجہ ثانی

تخصیص قطعیات کا خبر احاد کے ساتھہ جمیع مجتہدین سے واقع ہونا غیر مسلم ہے
اور یہہ بھی غیر مسلم ہے کہ بعض مجتہدین سے واقع ہوئی اور باقیون کو اسکی خبر نہنچی
اور وہ سالت رہی یہانتک کہ مدت تامل کی گذر گئی ومن ادعی فعلیہ بیان المخصصات
بالکسر والمخصصات بالفتح من حیث التفصیل حتی یعلم ان مثل ہذہ القطعیات
قد خصصت بمثل ہذہ الاخبار التی سمع بعضہم عن بعض بطریق الاحاد ولم یسمعوا
بعد ذلک عن حضرت الرسالت حتی وقع منہم تخصیص القطعیات بالاحاد اور نیز نقل
صحیح متصل کے ساتھہ ثابت ہونا چاہئے کہ یہہ تخصیص فلانے مجتہد سے واقع
ہوئی اور وہ تخصیص فلانے مجتہد دوسرے سے اور اسی طرح تا انکہ مجتہدین
صحابہ سے منقول ہو یا انکہ اس طرح قول منقول ہوا انا اجمعنا علی جواز
تخصیص القطعیات باخبار الاحاد وجہ ثالث تخصیص قطعیات کا بانبار احاد جمیع
مجتہدین صحابہ سے زمانہ واحد میں واقع ہونا غیر مسلم ہے تا کہ اجتماع اتفاق
کے ساتھہ متفرع ہو وجہ رابع لا نسلم کہ یہہ مسئلہ حکم العام قطعی [illegible] یعنی
لا یدرک لولا خطاب الشارع کے قبیلے سے ہے کیونکہ تقسیم نظم خاص و عام [illegible] ما
یتناولہما کی طرف من حیث الوضع ہے اور وضع الفاظ جناب رسول اللہ صلعم
کے بعثت سے اول سے ہے پس حکم الفاظ متعلق بالوضع بھی ایسا ہی ہے
ومن ادعی ان الشارع قد تصرف فی حکم العمومات علی غیر اسالیب
استعمالات العرب حتی صارت منقولات شرعیۃ فعلیہ البیان وجہ خامس
اگر ہم تسلیم کریں کہ بعض صحابہ سے کسی قطعی کی تخصیص واقع ہوئی اور باقیون
کو پہنچی اور انہون نے اسپر انکار نکیا تا کہ مدت تامل گذر گئی تو خصم کو کچھہ

نافع نہین اور نہ اس مادہ خاصہ مین اجماع سکوتی ہے چہ جائی انکہ تخصیص
جمیع عمومات قطعیہ اخبار احاد کے ساتہہ جمیع موادین تسلیم کیا جاوے کیونکہ
عدم انکار انکا اس سبب سے نہ تہا کہ انہون نے اس مسئلہ جواز تخصیص قطعی
بخبر الواحد مین اُن سے اتفاق کرلیا تہا بلکہ اسلئے انکار نکیا کہ وہ خبر واحد کہ
بعضون کو بالواسطہ پہنچی تھی اُن بعضون کو بلا واسطہ حضرت رسالت سے
بالیقین پہنچی ہو تو ان دوسرون کے نزدیک دلیل قطعی ہوگئی وبجوز
تخصیص القطعی بالقطعی بالاجماع تو بعضون نے نص قطعی کو خبر واحد کے
ساتہہ اپنی راے سے خاص کیا اور دوسرون نے انکار نکیا کیونکہ جو فریق
اول کے نزدیک خبر واحد ظنی تھی فریق ثانی کے نزدیک نص قطعی تھی

المقدمۃ الثالثۃ فی التوضیح[۱] واما الثالث ای المخلص من قبل الزمان
فانہ اذا کان صریح اختلاف الزمان یکون الثانی ناسخا للاول فکذا
اذا کان دلالۃ کنصین احدھما محرم والاخر مبیح یجعل المحرم ناسخا لان
قبل البعثۃ کان الاصل الاباحۃ والمبیح ورد لابقائہ ثم المحرم نسخہ
ولو جعلنا علی العکس یتکرر النسخ ای لو جعلنا ان المحرم کان متقدما علی
المبیح فالمحرم کان ناسخا للاباحۃ الاصلیۃ ثم المبیح یکون ناسخا للمحرم
فیتکرر النسخ فلا یثبت التکرار بالشک وفیہ نظر لان الاباحۃ الاصلیۃ
لیست حکما شرعیا فلا یکون الحرمۃ بعدہ نسخا وبیانہ انا لا نسلم ان
المحرم لو کان متقدما لکان ناسخا للاباحۃ فانہ انما کان ناسخا لھا
ان قد ورد فی الزمان الماضی دلیل شرعی دال علی اباحۃ جمیع الاشیاء

فيلزم حينئذ يكون المحرم ناسخا للمبيح لكن ورود الدليل المذكور غير مسلم

فلا يكون المحرم ناسخا لذلك المبيح لما عرفت من تعريف النسخ ويمكن

تمام الدليل المذكور على وجه لا يرد عليه هذا النظر وهو انه اذا انتفع

المكلف بشيء قبل ورود ما يحرمه او يبيحه فانه لا يعاقب بالانتفاع به

لقوله تعالى وما كنا معذبين حتى نبعث رسولا ولقوله تعالى خلق

لكم ما في الارض جميعا فان هذا الاخبار يدل على ان الانسان انتفع

بما في الارض قبل ورود محرمه او مبيحه لا يعاقب ثم لا شك انه

اذا ورد المحرم فقد غير الامر المذكور وهو عدم العقاب على الانتفاع

ثم اذا ورد المبيح فقد نسخ ذلك المحرم فيلزم ههنا تغيران واما

على العكس فلا يلزم الا تغير واحد فاندفع الايراد بهذا التقرير فيقرر

الدليل بهذا الطريق او نقول عنينا بتكرار النسخ هذا المعنى من النسخ بالتفسير

الذي ذكرته **وقد قال فخر الاسلام** هذا اي تكرار النسخ

بناء على قول من جعل الاباحة اصلا ولسنا نقول بهذا في الاصل لان

البشر لم يتركوا سدى في شيء من الزمان وانما هذا اي كون الاباحة

اصلا بناء على زمان الفترة قبل شريعتنا فان الاباحة كانت ظاهرة

في الاشياء كلها بين الناس في زمان الفترة وذلك ثابت باق الى ان

يوجد المحرم وانما كان كذلك لاختلال الشرائع في ذلك الزمان ووقوع

التحريفات في التورية فلم يبق الاعتماد والوثوق على شيء من الشرائع

وظهور الاباحة بالمعنى المذكور وهو عدم العقاب على الاتيان به ما لم يوجد

اور تکرار نسخ حقیقۃ آیا اور اگر متعارض ہے تو محرم مبیح سے جو مباح نہیں اسکو مخصوص کرینگی اور باقی

لمحرم والمبیح انتہی **قال العلامۃ** فی شرح التلویح قوله لان
الاباحۃ الاصلیۃ لیست حکما شرعیا فان قیل هی حکم شرعی ثبت
لقوله تعالی خلق لکم ما فی الارض جمیعا قلت انما یصح ذلك لو ثبت
تقدم هذه الایۃ علی النصین المفروضین اعنی المحرم والمبیح والی هذا
اشار بقوله فان ای المحرم انما یکون ناسخا للاباحۃ قد ورد ای ان کان
قد ورد او علی تقدیر ان قد ورد فی الزمان الماضی ای الزمان المتقدم
علی زمان ورود النص المحرم والمبیح دلیل شرعی دال علی اباحۃ جمیع
الاشیاء لکن ورود هذا الدلیل متقدما علی ورود النصین المبیح و
المحرم لیس بمسلم علی الاطلاق وفی جمیع الصور بل قد وقد وبهذا تبین ان
تقریر الدلیل بوجه لا یرد علیه النظر علی ما ذکره المصنف لیس بتام
لان عدم العقاب علی الانتفاع انما یصیر حکما شرعیا بعد ورود النص
الدال علی اباحۃ جمیع الاشیاء فتغییره بالنص المحرم لا یکون نسخا بالمعنی المصطلح
الا اذا تاخر المحرم عن دلیل اباحۃ الاشیاء وهو لیس بلازم وبالجملۃ المعتبر فی النسخ
کون الحکم شرعیا ولا یثبت ذلك الا اذا تقدم دلیل اباحۃ الاشیا
علی دلیل تحریم ذلك الشیء المخصوص انتهی وتعقب علیه العلامۃ الحلبی
فی حاشیته فقال یمکن ان یقال ان کان هذه الایۃ متاخرۃ عن نصوص
التحریم کان ناسخا لها فلا تحریم وان هذا خلاف الاجماع وان کانت
متقدمۃ فقد ثبت الاباحۃ الشرعیۃ فی الکل وتکرار النسخ حقیقۃ وان کانت

مقارنۃ تخص من عمومہا ما الیس بمباح ویبقی الثانی علی الاباحۃ الشرعیۃ

اقول بحول اللہ تعالی توضیح المقام بحیث لا یشذ عنہ شیٔ من المرام یہہ ہی اگر مانا جاوے کہ بوقت مقارن اس آیۃ کے نصوص تحریم کے ساتہہ نصوص تحریم اس آیۃ کی مخصص ہین تو نص مبیح دوسری تین حال سے خالی نہین یا نص تحریم سے مقدم ہی یا موخر یا مقارن بر تقدیر اول نص تحریم ناسخ اسکی ہوگی وہو المطلوب بر تقدیر ثانی تکرار النسخ لازم آئیگا بر تقدیر ثالث ایک وقت مین تکلیف شرعی دو نقیضون کے ساتہہ لازم آئیگی وہو باطل اگر کوئی شبہہ کرے کہ مصنف نے فصل عام وخاص مین فرمایا ہے اذا جہلنا التاریخ حملنا علی المقارنۃ یہان بھی ممکن ہے کہ کہا جاوے اذا جہلنا تاریخ ورود النص المبیح والمحرم حملنا علی المقارنۃ اور جب مقارنۃ مانی گئی تو تعارض دونون مین لازم آیا وقد ثبت ان الادلۃ المتساویۃ اذا تعارضت تساقطت تو رجوع اباحۃ شرعیہ کیطرف لازم آیا وہو خلاف ما ادعیتم تو ہم کہتے ہین کہ بر تقدیر جہالت تاریخ اگر خاص وعام مین مقارنۃ فرض کیجاوے تو الغای خاص وعام لازم نہین آتا بلکہ نہایت وہ جو لازم آتا ہی تخصیص عام کی ہے اور تخصیص کرنا الغاے عام بالکل نہین اور ما نحن فیہ مین امر ایسا نہین کیونکہ نص محرم ومبیح کا سقوط رأسا لازم آتا ہے اور امر بالدلیلین اہمال والغار دلیلین سے بہتر ہے فافہم فانہ دقیق **اتمام التقریب** بحسن الترتیب آیہ عام ہی اسلئے کہ قرأت سریہ وجہریہ کو متناول ہے اور حکم عام اپنے جمیع افراد مین قطعی ہی اور تخصیص عام قطعی خبر واحد کے ساتہہ جائز نہین لما مر فی المقدمۃ الثانیۃ اور نہین

تاویل کرنے کہ مراد انصات سے عدم جہر ہے نہ عدم تکلم مطلقا اور قرینہ اسپر وہ
اخبار احاد ہین جو قرٔت خلف الامام مین مروی ہین مگر یہی ہے کیونکہ صرف
الی المجاز جب جائز ہے کہ علم قطعی قرینہ مانعہ پر ہوئی اور علم باخبار احاد قطعی
نہین لما مر فی المقدمۃ الثانیہ و نیز آیتہ اور دیگر احادیث بمنطوقہا حرمتہ قرٔۃ
خلف الامام پر دال ہین اور محرم ناسخ مبیح کر ہوتی ہے لما مر فی المقدمۃ الثالثہ
تو دلایل قرٔت کے منسوخیت ثابت ہوئی علاوہ انکہ اُن دلایل کے ثبوت مین
کلام ہے کما سنلقی علیك قولا ثقیلا اگر کوئی شبہ کرے کہ قولہ تعالی
فاستمعوا لہ قرینہ قویہ قرٔت جہریہ دون السریہ کی مراد ہونے کے لئے ہے
کیونکہ استماع قرٔت جہریہ مین ممکن ہے نہ سریہ مین ورنہ تکلیف مالا یطاق
لازم آیگی اسلئے کہ استماع قرٔت سریہ کا طوق بشر سے خارج ہے تو اسکا جواب
بچند وجوہ ہے وجہ اول سمع و استماع مین فرق ہے کیونکہ سمع کا
معنی شنیدن ہے خاصۃ اور استماع شنیدن اور گوش نہادن پر بالاشتراک
اطلاق کیا جاتا ہے کما فی الصراح تو معنی اول صلوۃ جہریہ کے ساتھ مختص ہے
بخلاف معنی ثانی کہ وہ جہریہ اور سریہ دونون کو شامل ہے کیونکہ التفات
الاذن الی الشئ عام ہے ازانکہ سمع حاصل ہو یا نہو اسلئے کہ التفات مستلزم حصول
ملتفت الیہ کو نہین اگر کوئی کہے کہ اشتراک مورث احتمال ہے اور احتمال مبطل استدلال
ہے تو ہم کہینگے کہ یہان معنی ثانی متعین ہے ورنہ معنی اول جہریہ مین بھی ممکن
نہین جسوقت کہ مقتدی امام سے اسقدر بعید ہو کہ قرٔت امام نہین سن سکتا ہے
نتعین الثانی وجہ ثانی آیتہ مذکورہ دونون نوع قرٔ جہریہ و سریہ کے حکم کو شامل ہے

ورنہ مقدم عام تالی خاص کو کسطرح مستلزم ہوگا لبطلان عموم الملزوم وخصوص
اللازم فالمعنی اذا قرء القرآن سرا وجہرا فاستمعوا له فی الجہریة وانصتوا فی السریة کما
فی تفسیر المدارک اور یہہ کہنا کہ استماع جہریہ مین مستلزم انصات نہین تو تمہارا
دعوی صحیح نہوا باطل ہے کیونکہ ہرگاہ سریہ مین باوجود عدم مانع کے انصات ثابت
ہے تو جہریہ مین باوجود مانع بطریق اولی ثابت ہے ونیز کوئی قایل نہین کہ جہریہ مین
فدیہما وحدیثا المخالفتہ للحدیث الصحیح ولان فیہ صیانۃ المال وابتذال وھی احق ان یخاطبہا ویصان انتہی اقول اسکا مبنی باطل ہے اور کوئی اسکا قول قابل تسلیم نہین بلکہ منشا اسکا مجرد زعم ہے اب ہم ہر ایک قول کو دلیل کے ساتھہ رد کرتے ہین قولہ اجیب الاول بانہ خلاف الظاہر وکذا الثانی اقول بلکہ اسکا کہنا خلاف ظاہر ہے کیونکہ ظاہر حدیث کا مدلول یہہ ہے کہ یہہ قول حضرت کا اس معاملہ مین تہا کہ یمین وبینہ وہان نہ تہا بلکہ بمجرد قول خصم کا قضا بدلیل آنکہ ابوداود نے عبداللہ ابن رافع کے طریق سے حضرت ام سلمہ سے روایت کیا ہے اتی رسول اللہ صلعم یختصمان فی مواریث لہما لم یکن لہما بینۃ الا دعویٰ ہما وفی روایۃ لہ قال یختصمان فی مواریث واشیاء قد درست وعند عبدالرزاق فی مصنفہ انہا کانت فی ارض ہلک اہلہا وذہب من یعملہا والرسیم المختصمین یہہ سب روایتین دلالت روشن کے ساتھہ دال ہین کہ وہ لوگ جنہون نے حضرت کے نزدیک مخاصمہ لائے تہی انکے واسطے کوئی بینہ نہ تہا اور تنازع مواریث مین یا اشیاء کہنہ مین تہا اور ہماری کلام اسمین نہین ہے ہماری کلام اس صورت مین ہے کہ قاضی کو انشاء وعقد کی قدرت ہو تب قضا ظاہرا وباطنا نافذ ہوگی اور مواریث واشیاے مندرسہ اس قبیل سے نہین علاوہ اسکے آنحضرت صلعم کا قول فاقضی لہ علی نحو ما اسمع منہ دال ہے کہ آنحضرت کا حکم کرنا مجرد قول بلیغ والبلغ مدعی یا مدعی علیہ پر تہا اگر کوئی شبہ کرے کہ اس حدیث سے مستفاد ہوا کہ گواہ متنازعین کے لئے موجود نہ تہی اما یہہ مستفاد نہین ہوتا کہ کہ جب مدعی سے گواہ نہ ہوسکے تو آنحضرت نے مدعی علیہ کو قسم نہ دی ہم کہتے ہین

اسکو کہ جمع کرے وہ علی سے نقل کیا کہ فدیہما وحدیثا طعن کرتے ہین اس قائل پر کیونکہ مخالفت اس شرح حدیث صحیح کی لازم نہین مال کی حفاظت ہی اور ابتذال اس لیے یہی ہے لائق ہے کہ احتیاطا دونون صیانت کیجیے ۱۲

کہ جب مدعی سے بینہ قایم نہ ہو سکی اور آنحضرت صلعم نے مجرد قسم پر فیصلہ کر دیا
پس یہ قول آنحضرت کا فلعل بعضکم ان یکون ابلغ و الحن علی حسب اختلاف
الروایات لغو ہوتا ہے کیونکہ ہر گاہ قطع نزاع اخذ یمین پر منحصر ہوا اجانب سے
فقط پس قوۃ و ضعف فصاحۃ کو احد الجانبین سے کیا دخل ہے بلکہ ظاہر حدیث
دال ہے کہ اجراء ضابطہ کلیہ ان البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر بعد اس معاملہ
کے ہوا ہے فظہر قوۃ ما قال الشارح العلام ان ظاہر الحدیث یدل علی
ان ذلک فیما کان بسماع الخصم من غیر ان یکون ہناک بینۃ او یمین قولہ
خلاف الظاہر اقول یہ اعتراض شارح علام کے اس قول پر ہے ان قولہ
علیہ السلام فمن قضیت لہ بحق اخیہ الی آخرہ شرطیۃ و ہی لا تقتضی صدق
المقدم الخ **اقول** قال اللہ تعالی فلا و ربک لا یومنون حتی یحکموک
فیما شجر بینہم ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت و یسلموا تسلیما
ہم خصم سے پوچھتے ہیں کہ فرض کریں کہ اگر زمانہ جناب رسالتماب صلعم میں ایک
شخص نے کسی عورت پر نکاح کا دعوی کیا یا عورت نے نکاح یا طلاق ثلثہ کا کسی مرد پر
دعوی کیا جو مدعی ہوا اُس نے گواہان زور گذارے اور فرض کیا کہ آنحضرت نے
موافق گواہان حکم دیا آیا یہ حکم ظاہرا و باطنا نافذ ہے یا نہیں شق ثانی باطل ہے
ورنہ خلاف قول خدا لازم آئیگا ثم لا یجدوا فی انفسہم حرجا مما قضیت و یسلموا
تسلیما اور شق اول مسلم ہے پس آنحضرت صلعم سے قضا بشہادۃ زور لازم آئے
و ظاہرا و باطنا اُس نے اجرا پایا فانتہض الحجۃ عموما کیونکہ کسی شخص نے فرق نہیں
کیا کہ آنحضرت کی قضا شہادت زور میں نافذ ہوتی ہے اور غیر کی نہیں ہوتی

مخصوص بالنصوص والاخبار والآثار فبان ان القياس على ما فصلنا یجیب کالا یشذ عنه شی ولا یخفی شیئا علیه فقد اغنی شیئا فریبا

قوله ومن ثم ان الله افضی الی الاول **اقول** یہ قیاس قیاس مع الفارق ہے کیونکہ یہاں کلام اسمین ہے کہ قاضی کو انعقاد عقد کا اسمین اختیار ہے اور ما ذکرہ مین ایسا امر نہین **قوله** وقال القرطبی شنعوا علی القائل بذلک قدیما وحدیثا الخ **اقول** التشنیع مردود علیہ فانہ قال فی فیض الباری هذا تشنیع عظیم لکن الجواب ہو جید علی ضو ہو ان رجلا ادعی علی امرأة انها نکحت له نفسها فانکرت واقام البینة علی نکاحها فقضی علی له فقال یا امیر المومنین اذا کان فتنی فزوجنی فان کنت شاهدین شاهد زور فقال علی رضی الله عنه شاهداک زوجاک والعجب من البخاری مع رفعة درجته کیف ینکر هذا الحدیث ویطعن علی امام الائمة سراج الملة ابی حنیفة واصحابه انتهی فمن طعن علی الامام الاعلام فقد طعن علی الله تعالی وعلی رسوله سید الانام والصحابة العظام اعاذنا الله منه فالمستخف له من هو فی ایدی الاثام وعلی بصره غشاوة من حجب الظلام *

سوال نہم

حرمت ما بدیہ سے اگر کوئی شخص نکاح کرکے وطی کرے موجب حد ہے

الجواب المستطاب امام ابو حنیفہ کے مذہب کے لئے چندین وجوہ سے استدلال کیا جاتا ہے الوجہ الاول دلالة اجماع ہے بیان اسکا یہہ ہے کہ جس شخص نے اپنی بیٹی

عورتین ہین جسکو اپنے نفس پر ولایت ہے جیسے کبیرہ یا صغیرہ پس بنا برین وجہ اول نکاح باطل ہے
کیونکہ ولی کو بسبب غیر کفو ہونے ناکح کی قدرت فسخ ہے اور باوجود بطلان کی حکم مہر کا کیا ہے
اس حدیث سے چند امور معلوم ہوئے اول نکاح باوجود بطلان کے موجب سقوط حد ہے
دوم نکاح باطل وجوب مہر کا منافی نہین اگر سبب موجب مہر ہو تو نکاح موجب مہر
نہین ہوتا اور نکاح باطل موجب مہر ہوتا ہے پس دونون مین منافات ہے اور نکاح باطل اگرچہ
زنا سے حقیقۃً نہین کیونکہ نافی لوازم موجب تنافی ملزومات ہے علاوہ اسکے جو شخص کہ قائل
اسکا ہے کہ نکاح عورت بغیر اذن ولی بالاطلاق باطل ہے یہ حدیث اسپر حجت قوی ہے اور باوجود
اسکے امام علام کے ساتھ اسمین مخالفہ ہے پس بنا بر تقریر اول حدیث مذکور جواب تحقیقی
ہے وبنا بر ثانی الزامی ہے والوجہ الثالث صاحبین اور اُن کے موافقین نے فرمایا ہے کہ ناکح
محرمات ابدیہ اگر عالم بالحرمت ہو حد واجب ہے ورنہ نہین ہے ہم ان سے پوچھتے ہین کہ موجب
سقوط حد عدم علم مطلق ہے یا شبہ جاننا کہنا ہے دلیل شرعی سے ثابت کرنا اول باطل ہے
کیونکہ شرع نے امام پر واجب کیا ہے کہ جس شخص کا زنا ثابت ہو خواہ اسکو علم نفس امرین ہو
عدیت دیانۃً ہو حد مارنی چاہئے کیونکہ زانی پر واجب نہین کہ اپنے آپ پر حد مارے بلکہ امام پر واجب
ہے کہ اقامت حد کا زانی پر کرے اور زانی پر نفس الامر مین بینہ وبین اللہ تعالیٰ توبہ وانابت
واجب ہے اور جب امام تک پہنچا پس امام پر بعد ثبوت واجب ہے کہ حد قائم کرے علاوہ اسکے اگر عدم
علم موجب سقوط حد ہووے ابواب اجرائے حد تا مین بند ہونگی کیونکہ مجرم کو وسعت ہے کہ کہے کہ اس
جرم وگناہ کی حرمت مجکو معلوم نہ تھی پس ایسے اعذار بارده اور حیل کاسده سے اگر سقوط حد ہووے
تو یقیناً انتظام دین کا کافہ مسلمین کے گردنون سے نکل جاویگا واللازم باطل فالملزوم مثلہ اور شق ثانی یعنی
نہین کہ وہ شبہ خاصہ نکاح ہے یا سوائے نکاح کے اور شق ثانی باطل ہے کیونکہ سوائے نکاح کی کوئی اور شبہ

متصور نہیں فیتعین النکاح وثبت انہ موجب لدرء حد الزنا علاوہ اسکے اگر محرم کا کہنا کہ مین حرمة
اسکی نہین جانتا تہا موجب نجات کا ہوا تو لازم آتا ہے نجات اسکا عقوبة حد سے حالانکہ محرمات ابدیہ
وطی قبل از نکاح کرکے انکار علم بالحرمة کا کرے واللازم باطل فکذا الملزوم الوجہ الرابع زنا
عبارت ہے اس وطی سے جو بغیر نکاح و ملک اور شبہ نکاح و ملک کے محل مین آوے کما ہو منصوص
فی کتب الفقہ کا تو اب ہم کہتے ہین کہ یہ نہین ہے شبہ نکاح اگرچہ کسی وجہ سے متحقق ہے پس تعریف
زنا اسپر صادق نہین پس حد زنا بھی [illegible] اور اگر کہو ہم تنزل کرین تو ہم کہتے ہین کہ اگرچہ
نکاح صحیح متحقق نہین اما اسکا شبہ متحقق ہے تقریرہ علی ما قال صاحب الہدایة ان العقد
صادف محلہ لان محل التصرف ما یقبل مقصودہ والانثی من بنات آدم قابل التوالد
وھو المقصود فکان ینبغی ان ینعقد فی حق جمیع الاحکام الا انہ تقاعد عن افادة
حقیقة الحل فیورث الشبہة لان الشبہة ما یشبہ الثابت لا نفس الثابت
الا انہ ارتکب جریمة ولیس فیہا حد مقدر فیعزر انتہی حاصل اسکا یہ ہے کہ محل کلی یہ ہے
کہ محل قیام حاجة کی تابع ہے تاکہ حاجة اسکی ساتھ دفع کیجاوے وہو المقصود ولہذا قال اللہ
تعالی نساءکم حرث لکم وقال علیہ السلام احبل الودود الولود [illegible]
اور انکی امثال سے معلوم ہوا کہ مقصود [illegible] اس باب مین عورت کا توالد وتناسل کے لیے
صلاحیت رکھنا ہے فاندفع بہذا ما استدل بہ الصاحبان والشافعی تقریر استدلال انکا یہ ہے عقد
موافق محل نہین پس یہ عقد لغو ہوا جیسا مرد کے ساتھ عقد کرنا لغو ہے کیونکہ محل تصرف
وہ ہے کہ محل حکم کا ہو اور حکم عقد کا حل ہے اور محرمات ابدیہ حرام ہین محل حل نہین اور
تقریر دفع یہ ہے کہ اس قول سے یکون محل الحکم وحکمہ الحل کیا ارادہ کیا ہے اگر یہ ارادہ
ہے کہ تحقق شبہ جسکی سبب سے حد ساقط ہوتی ہے تحقق محل من وجہ کو اقتضا کرتا ہے لیکن

محرمات میں حل من وجہ ثابت نہین اس ارادہ پر یہہ شبہ وارد ہوتا ہے کہ
شبہ حل تقاضائے حل من وجہ کو ہرگز نہین کرتا کیونکہ شبہ حلہ ثبوت حلہ
من وجہ نہین کیونکہ شبہ وہ ہے کہ مشابہ ثابت ہو نہ آنکہ عین ثابت ہو اور شبہ
ثابت عین ثابت کسی وجہ سے نہین ہوتا اور اگر یہہ ارادہ ہے کہ شبہ حلہ خاص
اسی ارادہ کو بتاتی ہے مقتضی ثبوت حلہ ہے اگرچہ بعضی تقادیر و احوال مین ہو اس ارادہ
پر یہہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ شبہ ثبوت مقتضی ثبوت کا بغیر وقت شبہ کے نہین ہے
جیسا کہ مقتضی ثبوت وقت شبہ مین نہین کیونکہ ایک جاگہہ مین ثبوت شبہ کا اقتضا ہے
اور دوسری جاگہہ مین وقوع شبہ کا معنی متصل کچہہ نہین و من ادعی فعلیہ بیان الاتصال
واللزوم الوجہ الخامس شبہ نکاح و شبہ ملک عموم نصوص احکام زنا مین اگر داخل
ہون تو ہم کہتے ہین کہ یہہ سب نصوص عام مخصوص منہ البعض ہین کیونکہ اجماع اسپر منعقد
ہے کہ ان الحدود تندرء بالشبہات ومستند اجماع اکثر نصوص و اخبار ہین اور عام قطعی
جب ایکبار کسی قطعی کے ساتھہ مخصوص ہو جاوے بعد ازان خبر احاد اور قیاس کے ساتھہ
تخصیص جائز ہے اور نکاحات محرمہ کو اس حکم سے ہر ایک نے قیاس و خبر واحد نے
خارج کیا ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا ہے پس اخراج معتبر ہوا اگر شبہ کرے کہ قیاس کا اعتبار
اسوقت ہے کہ کوئی نص صحیح صریح اسکے معارض نہ ہو اور یہان معارض ہے عن البراء
قال لقیت خالی ومعہ رایۃ فقلت این ترید قال بعثنی رسول اللہ صلعم
الی رجل نکح امرأۃ ابیہ ان اضرب عنقہ و آخذ مالہ رواہ ابوداؤد وقال
حدیث حسن وروی ابن ماجۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلعم
من وقع علی ذات محرم منہ فاقتلوہ ہم کہتے ہین کہ اس نے استحلالاً عقد کیا تہا

پس مرتد ہوگیا کیونکہ حد گردن مارنی اور مال لینا نہین بلکہ ارتداد کا لازمہ ہے وفی
بعض طرقہ عن معاویۃ بن قرۃ عن ابیہ عن النبی صلعم بعث جد معاویۃ الی رجل
عرس بامرأۃ ابیہ ان یضرب عنقہ ویخمس مالہ اس حدیث کا مدلول یہہ ہے کہ وہ شخص
اس فعل کو حلال جانکر مرتد ہوا اسلئے کہ حدیث مین خبر عہد کا وارد ہے اور تزویج مستلزم وطی
کو نہین اور بغیر وطی حد واجب نہین چہ جائیکہ قتل پس جہان قتل کا حکم ہے وہ ردہ کی
جہت سے ہی اگر کوئی شبہ کرے کہ جیسا احتمال ردہ کا ممکن ہے ویسا ہی احتمال وطی کا
ممکن ہے یہہ جزم کہان سے ہوا کہ قتل ردہ کی جہت سے تہا اور نفس اگرچہ وطی کو
مستلزم نہین اما منافی بھی نہین ہم کہتے ہین احتمال وطی مستلزم تعیین کا نہین اور پہ
کوئی دلیل تعیین احد الاحتمالین پر نہین اور اس قدر ہمکو کافی ہے [illegible] ثابت ہے
کہ قتل کا حکم یا استحلال کی جہت سے تہا و یا بوجہ تعزیر و سیاست کے تہا اور اصل یہہ ہے
کہ حدود کا ثبوت محتمل سے نہین ہوتا بلکہ حدود شبہات سے ساقط ہوتے ہین علاوہ اسکے
زانی پر قرآن مین حد واجب در صورۃ غیر احصان ضرب سو درہ کے ہے اور بصورت
احصان رجم ہے اور گردن مارنی ظاہر ہے کہ رجم نہین اور اگر تسلیم کرین کہ حدیث
پس اس قول کا مفہوم من وقع علی ذات محرم منہ فاقتلوہ ثابت ہوتا ہے کیونکہ وہ
صورت غیر احصان اس آیۃ کے معارض ہے الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد
منہما مائۃ جلدۃ اور نص قطعی جب مخصوص بالقطعی ہوئی پس تخصیص بخبر واحد
وقیاس جائز ہے چہ جائیکہ خبر واحد جسکا مفاد ظنی ہے مخصوص بالقطعی ہوئی اسکی
تخصیص بہر حال جائز ہے اگر کوئی شبہ کرے کہ تمام حنفی اصول فقہ مین تصریح کرتے
ہین کہ محارم ابیہ محل نکاح نہین ففی الاصول حیث قالوا ان النہی عن المضامین

والدلالة علیٰ ثبوت الحکم فی محل السکوت ایضاً [illegible] وفی الفقه کثیر ومنه قوله عجل السناح
انی من نساء آخر لیس من المحرمات وایضاً فی الاصول الدین اذا اضیفت الیٰ
الاعیان کالمحارم والخمر حقیقة عند [illegible] فانهم صرحوا ان التحریم
المضاف الی العین کالمحارم فی قوله تعالیٰ حرمت علیکم امهاتکم الآیة وقوله علیه
السلام حرمت الخمر مجاز عن الفعل ای نکاح امهاتکم وشرب الخمر فیکون الحقیقة
متروکة بدلالة محل الکلام لان المحل عین لا یقبل الحرمة لان الحل والحرمة
من اوصاف الفعل فقلنا نحن بان هذه الحرمة علی حالها وحقیقتها لانه ابلغ
من ان یقول حرمت نکاح امهاتکم وذلک لان الحرمة نوعان نوع یلاقی الفعل
فیکون العبد ممنوعاً والفعل ممنوعاً عنه ونوع یلاقی المحل فیخرج المحل من ان یکون مباحاً
وصار العین ممنوعاً والعبد ممنوعاً عنه وهذا ابلغ الوجهین فی المنع فالاول
کما یقال للطفل لا تاکل الخبز وهو بین یدیه والثانی کما یرفع الخبز من بین
یدیه ویقال له لا تاکل فهو بمنزلة النفی والنسخ وهو ابلغ من النهی الحقیقی
حاصل اعتراض آنکہ جب محارم محل نکاح قطعاً نہوئی پس شبہ نکاح کا انمیں کس طرح ہو
سے کیونکہ محارم کا محلیتہ نکاح سے خارج ہونا بالقطع والیقین شبہ نکاح کو زائل کرتا ہے
ورنہ محلیتہ اور عدم محلیتہ میں تردد پر ہیگا جواب اسکا چندین وجود سے ہے الوجہ الاول
فی فتح القدیر فالجواب ان المراد نفی المحلیة لعقد النکاح الخاص وانت علمت
ان ابا حنیفة انما اثبت محلیتها للنکاح فی الجملة لا بالنظر الی خصوص ناکح ولا شک
فی ذلک بقی النظر فی ان ای الاعتبارین فی ثبوت المحلیة اولیٰ لکونه قابلا
للمقاصد او لکونه حلالا ان نظرنا الی المعنی وهو ان الاصل ان یتبع الحل قیاماً

الحاجة لتندفع به وهو المقصود ترجیح قوله اولی السمع اعنی محل الاجماع وهو
قول الکل ان المیتة لیست محلاً للبیع مع انهما انما فیهما عدم الحل ترجمه قولهما انتہی
اقول امام صاحب کا قول ما نحن فیہ مین بدلیل نسآء کم حرث لکم کے ساتھ
راجح ہے حاصل جواب انکہ اہل اصول نے نفی محلیۃ نکاح سے نفی محلیۃ حلۃ خاص
اس عاقد کی نسبت ارادہ کیا ہے اور ما نحن فیہ مین اثبات محلیۃ سے اثبات حلۃ
خاص اس عاقد کی نسبت مراد نہین بلکہ قابلیۃ مقصود نکاح کا اثبات ہے کہ وہ صلاحیہ
توالد وتناسل ہے اور اسکا اعتبار کرنا نص مذکور کے حکم مین اولی ہے پس بسبب
عدم اتحاد موضع کے تعارض نہ رہا الوجہ الثانی یہہ دعوی کرنا کہ سب حنفی باطل کہتے ہین
غیر صحیح ہے بلکہ مسئلہ اصول مین مختلف فیہا ہے قال العلامۃ الجلپی فی حاشیۃ التلویح
ذکر فی اصول شیخ الاسلام ان نکاح المحارم قیل فاسد فیترتب علیہ الاحکام
وقیل باطل فلا یترتب علیہ انتہی **اقول** مویدہ فساد انکا قول ہے ان النہی
عن الافعال الشرعیۃ یکون قبیحا لغیرہ ای بنظر الوصف لا بالذات اور ظاہر ہے
کہ نکاح افعال شرعیہ سے ہے کہ جنکی تقریر معانی مین شرع نے تصرف کیا ہے اور افعال
حسیہ سے نہین جو حقیقۃ لغویہ پر باقی ہین پس اسوقت انکا یہہ قول ان النہی عن نکاح
المحارم مجاز عن النفی غیر مسلم ہے کیونکہ اس قول کی بنا اسپر ہے کہ محارم محلیۃ نکاح نہین
رکھتی ہین اور صرف الی المجاز کو باوجود تصحیح حقیقہ مذہب امام علام پر غیر مسلم ہے الوجہ الثالث
فی فتح القدیر لکن فی الخلاصۃ قال لکن الفتوی علی قولهما فحینئذ لا اباحۃ
فی اطلاق الکل من الحنفیہ عدم محلیۃ المحارم لان العبرۃ للروایۃ الراجحۃ المفتی
بها دون الروایۃ المرجوحۃ الغیر المفتی فلا یصح الحق

سوال دہم

تحدید آب کثیر جو وقوع نجاست سے پلید نہو دہ دردہ کرنا

الجواب المستطاب عن ابی ہریرۃ قال سأل رجل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انا نرکب البحر ونحمل معنا القلیل من الماء فان توضأنا بہ عطشنا افنتوضأ بماء البحر فقال رسول اللہ صلعم ہو الطہور ماؤہ والحل میتتہ رواہ مالک وابو داؤد والنسائی وابن ماجہ والدارمی تقریب استدلال بحر لغت عرب میں عبارت ہے دریائے شور سے کہ ہمیشہ کہار رہتا ہے اسلیئے کہ بحر لغت میں شور کو کہتے ہیں یقال ماء بحر آب شور واجر الماء ای ملح کذا فی الصراح غیاث اللغات میں ہے بحر بفتح اول وسکون ثانی دریائے محیط کہ شور است ودر تفسیر فتح العزیز در تفسیر انفطار در ذیل آیۃ واذا البحار فجرت نوشتہ ودر لغت عرب بحر خاص نام دریائے شور است وجو ہلئے شیرین را ہرچند عریض وعمیق باشند انہار می نامند انتہی اور حدیث کا بھی سیاق وسباق بھی چاہتا ہے کہ سایل نے دریائے شور کے پانی کا حکم پوچھا ہے کیونکہ دریائے شیرین میں پانی کو ساتھ لینے کی کیا ضرورت تھی اور دریائے شیرین میں عطش کا ہونا متصور نہیں اور اگر تسلیم کریں کہ بحر سے مطلق دریا ہے خواہ شیرین وخواہ شور نیز تقریب تمام ہے بیان اسکا یہ ہے کہ پانی کی طہور ہونیکی علت بحر میں بر تقدیر عموم کثرت یا جریان علی طریق منع الخلو ہے وبر تقدیر خصوص کثرت ہی فقط غرضکہ دریای شور میں سوائے کثرت کی علت طہور اور شے کوئی نہیں اور ظاہر ہے کہ کثرت معتبرہ بحر میں کہ وقوع نجاست سے ناپاک نہ ہوئی وہ ہے کہ پلیدی

کا اثر اسمین ظاہر نہ ہو اور اجزائے پلیدی پانی کی اجزا میں سرایت نکرین اور اسکو
اپنا جیسا مزہ و بو و رنگ مین نہ بناوین علامت اسکی یہہ ہے کہ ایک طرف کی تحریک
سے دوسرا طرف متحرک نہو نہ انکہ قلتین کی کثرت بحرین بھی معتبر ہے لہذا حضرت امامنا
الامام الاعظم نے تحدید کثرت آب اس طرح فرمائی کہ ایکجانب کی تحریک سے دوسرا جانب
متحرک نہو مگر چونکہ اسمین ایک نوع کا احتمال ہے کیونکہ بعضی تحریک و تحرک شدید و قوی
ہوتی ہین بہ نسبت بعضی تحریک و تحرک کے پس تشخیص تحرک یا مشکل ہوا لہذا متاخرین مجتہدین
نے حرکت متوسط اور تحرک متوسط جو صادر ہوتا ہے اعتبار کرکے اسکا اندازہ دہ در دہ
مقرر کیا ہے تاکہ کسیکو اشتباہ و ابہام باقی نہ رہے اور ماخذ اس اعتبار کا وہ حدیث ہے کہ امام
احمد نے ابو ہریرہ سے اور ابن ماجہ نے عبداللہ بن مغفل سے روایت کیا ہے عن ابی ہریرۃ
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حریم البیر اربعون ذراعا من جوانبہا کلہا لاعطان
الابل والغنم رواہ احمد و عن عبداللہ بن مغفل ان النبی صلعم قال من حفر بئرا
فلہ اربعون ذراعا عطنا لماشیتہ رواہ ابن ماجہ ان دو حدیثون سے ثابت ہوا
کہ حریم بیر ہر طرف سے دس دس گز ہے کہ چار طرف سے چالیس گز ہوا اور اس امر کی دلیل کہ
مجموعہ ہر چار طرف کی حریم چالیس گز ہے وہ یہ ہے کہ حدیث مخرجہ امام احمد مین وارد ہے
من جوانبہا کلہا کیونکہ کلہا تاکید جوانب کے واقع ہے اور جوانب صیغہ جمع ہے اقل اسکا
یہان چار ہین پس تاکید ہر چار طرف کا کلہا واقع ہے اور مجموع تاکید پر چالیس گز
کا اطلاق کیا پس معنی یہہ ہوا کہ حریم بیر چارون جوانب کل جوانب اعتبار کرکے چالیس
گز ہے اور اگر چالیس گز ہر ایک طرف سے ہوتا حریم البیر مائۃ وستون ذراعا
من جوانبہا کلہا فرماتے واللازم باطل فالملزوم مثلہ فثبت ان حریم البیر

مِنْ کُلِّ جَانِبٍ عَشَرَۃُ اَذْرُعٍ مِنَ الْجَوَانِبِ الْاَرْبَعَۃِ یعنی چالیس ذراع پس چونکہ آنحضرت صلعم نے حریم بیر کو دہ در دہ اعتبار کیا اور اس حریم مین دوسرا کھوہ یا بالوعہ اس باعث سے جائز نہو اکہ ایکطرف سے دوسری طرف کو نجاست اسوقت اثر نکریگی کہ وہ گز قدر درمیان مسافت ہو لہذا علماء نے اس حدیث کو ماخذ بنا کر دہ در دہ کو اختیار کیا مگر صاحب معیار نے بحر رایق سے تین اعتراض اس استدلال پر نقل کئے ہین اعتراض اول حریم بیر مین اختلاف علماء حنفیہ ہے بعض نے دہ در دہ مقرر کیا ہے اور اکثر نے چہل در چہل ۔ اعتراض دوم حریم چاہ کے دہ در دہ پر حوض کے پانیکی دہ در دہ کے اعتبار کو قیاس کرنا صحیح نہین اسلئے کہ چاہ مین حایل زمین ہے جسکا قوام اُنسے بچند ین اضعاف زیادہ ہے تیسرا اعتراض مختار و معتمد فقہاء کے نزدیک چاہ و بالوعہ مین اس قدر مسافت ہے جو نفوذ بو نہو سکے نہ اُنکا اعتبار گز ون کا کرتے ہین اقول بتوفیق اللہ تعالی و توثیقہ کہ یہہ تینون اعتراض صاحب معیار کے لغو و بیجا اصل مین اور اعتراض اول پس اسلئے کہ اس شخص پر شترمرغ کا سایہ پڑگیا ہے اگر حدیث بیان کرتے ہین علماء کے اقوال کو پیش کرتا ہی اور اگر علماء کا قول پیش کیا [illegible] اعتبار دہ در دہ کے لئے حدیث طلب کی جب یہہ حدیث ذکر [illegible] کہ علماء حنفیہ حریم بیر مین مختلف ہین بعضے دہ در دہ کہتے ہین اور بعضے چہل در چہل پس جائے تعجب ہے کہ وہ حریم بیر جسکو علماء نے مقرر کیا ہے اس دہ در دہ کے اعتبار کا ماخذ ہمنے نہین بنایا تاکہ اعتراض وارد ہو کہ تمہارے علماء مختلف ہین بلکہ ہم ماخذ اعتبار دہ در دہ کے لئے حدیث جناب رسالتماب صلعم کی پیش کرتے ہین خواہ کسی عالم نے اسکی موافق عمل کیا ہو اور خواہ کسی نے اسکے مخالف ہین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا اگر کوئی شبہ کرے کہ صاحب معیار کی یہہ غرض ہے کہ جب علمائے

حنفیہ تقریر و تعیین حریم بیر مین مختلف ہین معلوم ہوا کہ حدیث وہ ورود مین نص
نہین ورنہ مختلف نہوتی ہم کہتے ہین کہ منشاء اختلاف علماء کا یہہ نہین کہ حدیث محتمل
دو معنونکی ہے بلکہ جو لوگ کہ حریم بیر وہ ورود جانتے ہین انکا متمسک یہہ یہی حدیث
ہے اور جو کہ چہل در چہل کہتے ہین وہ تجربہ بہر موضع کا کیے حکم بالرائے کرتے ہین
بلکہ فرقہ سوم مدار نفوذ و بدبوئی کو جانکر حکم کرتے ہین یہہ سب باتین علیحدہ ہین اور ہمارا
استدلال اور ہے ذخیرۃ العقبی مین ہماری تحقیق کے موافق فرمایا ہے قال فیہا صاحب
اقول حریمہا اربعون ذراعا من کل جانب علی القول الاصح عن ائمتنا فلا یتم الجواب
علی القول الصحیح ونحن نقول ولو سلمنا صحۃ ما ذکرہ السایل عند بعض العلماء
لنا الکفایۃ فی الرجوع الی الاصل الشرعی عن قول بعضہم لصحۃ کون الحریم عشرا
فی عشر لان المقصود کونہ منشاء وماخذا للعلماء فی ہذا التقدیر ولا حاجۃ فیہ
الی کونہ اصح الاقوال علی ان قول المصنف فی کتاب احیاء الاموات من کل جانب
فی الاصح صریح فی صحۃ قول الآخر فحینئذ یصح ان یقال انہ اصل شرعی یعتمد علیہ انتہی
اب رہی یہ بات کہ اعتبار چہل در چہل حدیث سے ماخوذ نہین قال فی الہدایۃ ثم قیل اربعون
من کل الجوانب قال فی العنایۃ یعنی یکون من کل جانب عشرۃ اذرع لظاہر
قولہ علیہ السلام من حفر بیرا الحدیث فانہ بظاہرہ لجمیع الجوانب الاربع والصحیح
انہ من کل جانب لان المقصود الخ وکذا فی الدر المختار وشرحہ رد المحتار قال الفاضل
الفہام زین الدین الافندی فی نتایج الافکار ان ہذا التعلیل تعلیل فی مقابلۃ
النص لان قولہ صلعم من حفر بیرا فلہ حریمہا اربعون ذراعا ظاہر فی کون الاربعین
من کل الجوانب الاربعۃ علی ان یکون من کل جانب عشرۃ اذرع کما صرح بہ الکافی

وعامة الشروح وقد تقرر في علم الاصول ان التعليل في مقابلة النص غير صحيح فكيف تيم الاستدلال بما ذكرتم على كون الصحيح انه من كل جانب انتهى وفي ذخيرة العقبى وايضا المتبادر من ظاهر قوله صلعم من حفر بيرا فله من حولها اربعون ذراعا كونه عشرة من كل جانب كذا فهم من الزيلعي وتقريب الاكمل انتهى وجہ ظاہر ہونیکی حدیث سے دو ہین اول انکے جوانب کو بصیغہ جمع لاکر کلہا کے ساتھہ تاکید فرمائی پہر اسکا مجموعہ چار یعنی ذراعا کو محمول کیا معلوم ہوا کہ سب چار طرفون سے چالیس گز ہے اور ہر ایک طرف سے دس دس گز ہے کما تقریرہ سابقا دوم انکہ حدیث مذکور مین کہ حریم بیر کو چالیس گز مقرر کیا ہے خالی نہین یا کل چار طرف سے یا ہر ایک طرف سے چالیس گز ہے شق ثانی باطل ہے کیونکہ جب حریم بیر چالیس گز ہر ایک طرف سے ہوئے مجموعہ ایکسو ساٹہہ گز ہوا اور حدیث میں چالیس گز کا ذکر آیا لازم ایا کہ حریم بیر ایک طرف ہو نہ چہار طرف واللازم باطل فکذا الملزوم فتعين الشق الاول وهو المطلوب ٭

اما الاعتراض الثاني پس اسواطیکہ امر مشترک سرایت ہے عام ازانکہ بالفعل ہو یا بالقوة حریم چاہ میں سرایت بالقوة ہے اور حوض مین بالفعل مگر جب سرایت دونون مین ملی گئی ہے قوام اور عدم قوام کو سرایت مین دخل نہین ہان فعل و قوة مین اسکو دخل ہے واما الاعتراض الثالث پس اس جہت سے کہ یہہ اعتراض اعتراض اول کی طرح ہے بیان اسکا یہہ ہے کہ اختلاف علما بسبب نفوذ و عدم نفوذ بدبوی باعتبار نرمی و سختی زمین امر دیگر ہے اور عمل برائے مبتلی ہے ہمارا فرض اعتبار وہ ورود کیواسطے ماخذ بنانا تہا وہ ثابت کر دیا یہہ اعتراض اسطرح ہے ایک شخص نے اپنی دعوی کے ثبوت کیواسطے حدیث پیش کی سائل لکھتا ہے کہ حدیث صحیح ہے اور مفاد اسکا بھی جسطرح تم نے کہا ہے مسلم ہے مگر مین اس حدیث کو اسواسطے

لایق احتجاج نہین جانتا ہون کہ کسی صاحب نے اسحدیث کے برخلاف بھی عمل کیا ہو فرمایے
کہ یہہ کیسا اعتراض ہے ہمارے استدلال سے کچھہ بھی تعلق رکھتا ہے اب ہم کہتے ہین کہ پانی تو وقوع
نجاست بموجب احادیث صحیحہ کے پلید و نجس ہوتا ہے اور نہین بھی ہوتا چاہیئے پانی قسم دوم
ہوا یک قلیل کہ پلیدی کے واقع ہونیسے پلید نہین ہوتا اور یہی مذاہب ائمہ کا مجمع علیہ اور
قدر مشترک ہے باقی رہی تحدید پانیکی قلہ و کثرت کی جہت سے پس آئمہ مجتہدین اسمین مختلف
ہین ہمارے امام اعظم رح کا مذہب تحدید آب مین یہہ ہے کہ ایک جانب کی تحریک سے دوسرا
جانب متحرک نہو اور ماخذ اسکا حدیث البحر ماؤہ طہور ہے جیسا ہمنے ذکر کیا ہے اور اس تحدید کا
بیان جو مجتہدین مرجحین حنفیہ نے کیا ہے کہ دہ در دہ ہے اسکا ماخذ حدیث حریم البیر ہے ھذا
ما حققناہ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین +

ضمیمہ اگر کوئی شبہ کرے کہ سایل نے سوال مین قید لگائی ہے کہ ہر مسئلہ مین حدیث
صحیح جسمین کسیکو کلام نہو صریح قطعی الدلالہ پیش کرو اور ان اجوبہ مین بعضے مسئلون کا جواب
مطابق شرط سایل کے نہین فلا نسلم جوابکم کیونکہ جواب مطابق سوال چاہیئے جواب اسکا
یہہ ہے کہ معنی صحیح صریح نص قطعی الدلالہ کتب اصول مین مصرح ہین بلکہ خود سایل نے
ہر ایک کی تشریح اپنی پرچہ اشتہارات مین کردی ہے اب ہم کہتے ہین کہ یہہ قیود مندرجہ سوال
ہر مسئلہ فرعیہ عملیہ کے ثبوت کیواسطے کسی آیت یا حدیث یا اجماع یا قول مجتہد سے ثابت ہے
یا مخترعہ من عند نفسہ ہین خواہ کسی نے اعتبار کیا ہو یا نہ بر تقدیر اول سایل پر لازم ہے
کہ ان چار ادلہ مسئولہ ہی کسی دلیل کے ساتھہ ثابت کرے کہ ہر مسئلہ عملیہ فرعیہ مین حدیث
صحیح صریح نص قطعی الدلالہ بکار ہے تاکہ موافق قیود مندرجہ کے جواب دیا جاوے کیونکہ
ہم اہلسنت وجماعت ان دلایل مذکورہ کے پابند ہین غور کا مقام ہے کہ سایل نے

عوام کے دہوکہ دینے کیواسطے کیسے مغالطہ عمل مین لایا ہے اگرچہ یہہ شرطین مسایل فرعیہ عملیہ کے لئے معتبر ہوتین تو اختلاف مجتہدین جہ معنی دارد ان شرطون کے اعتبار کرنیسے لازم آتا ہے کہ قرآن وحدیث سے فقط قلیل حجت رہجاوے اور سب قرآن وحدیث حشو وبیکار ہوجاوے نعوذ باللہ من ہذہ الہفوات بلکہ سایل کے مذہب پر کوئی حدیث بلکہ قرآن بھی لایق حجۃ وعمل نہین اور دین نبوی سراسر باطل ہوتا ہے یہہ شخص چاہتا ہے کہ اس پردہ مین دین نبوی کو درہم برہم کرے اما خاطر جمع رکہے اور اس آیۃ کو کان دہر کر سنے یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواههم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون وجہ ملازمہ اسکی ظاہر ہے کہ مراد سایل کے صحیح سے صحیح لذاتہ ہے کیونکہ صحیح کی قید اسطرح کی ہے کہ اسمین کسیکو کلام نہ ہوا باقی اقسام حدیث جو نزدیک فقہاء ومحدثین کے قابل احتجاج ہین مثل حدیث صحیح لغیرہ وحسن لذاتہ وحسن لغیرہ اس شخص کے مذہب پر قابل احتجاج نہ رہی قال النووی والحسن فی نکات دون الصحیح فہو کالصحیح فی جواز الاحتجاج بہ انتہی قال السید السند والحسن حجۃ کالصحیح انتہی وکذا قال الشیخ وغیرہ پہر صحیح لذاتہ بھی مطلقًا لایق حجۃ نہین اور صحۃ اسناد ہونے سے صحیح نہین ہوتی بلکہ کسی کتاب معتمد علیہ مین جو آیمہ محدثین مشہورین سے تصنیف ہو اسکی صحۃ پر تنصیص کے ہو یا ایک ان دو صحیحین مین سے ہو چنانچہ سایل نے اپنے پرچہ اشتہارات مین اس امر کی تصریح کی ہے اور قاعدہ صحیح کی معرفۃ کے لئے مقرر کیا ہے قال ابن الصلاح فی مقدمتہ اذا وجد نافیما یروی من اجزاء الحدیث وغیرہا حدیثا صحیح الاسناد ولم نجدہ فی احد الصحیحین ولا منصوصًا علی صحتہ فی شی من مصنفات ائمۃ الحدیث المعتمدۃ المشہورۃ فانا لا نتجاسر علی جزم الحکم بصحتہ فقد تعذر فی ہذہ الاعصار الاستقلال بادراک الصحیح بمجرد اعتبار الاسانید لانہ ما من اسناد فی ذلک الا وتجد

في رجاله من اعتمد على روايته على ما في كتابه عريا عما يشترط في الصحيح قال
الامر اذن في معرفة الصحيح والحسن الى الاعتماد على ما نص عليه ائمة الحديث
في تصانيفهم التي يؤمن فيها لشهرتها من التغيير والتحريف وصار معظم المقصود
الى آخره اس قاعدہ کے رو سے جس قدر احادیث صحیحہ کتب احادیث مین ہین سوائے صحیحین
کے اسکے نزدیک قابل حجت نہین کیونکہ کسی نے اپنی کتابین صحت وحسن احادیث پر نص
نہین کی ہے الا ترمذی ابن حنبل نے اور ترمذی کی تنصیص لایق سند نہین کہ وہ اس امر مین متساہل
ہے اور اسکا لکہنا نہ لکھنا برابر ہے صفحہ ۲۹۶ مین بیرچا اشتہارات مین سایل نے لکہا ہے
وہ عبارت یہ ہے خصوصاً جبکہ جانتے ہین کہ ترمذی کو تصحیح وتحسین مین تساہل بھی ہے
انتہی بلکہ اپنے قول کی تائید محلی شرح موطا اور زاد المعاد ابن قیم اور فوائد مجموعہ شوکانی
سے نقل کی ہے **تنبیہ** ابن صلاح نے حدیث کی باب مین یہ کہا جو مذکور ہوا اور درباب
تقلید ائمہ مجتہدین یہ ذکر کیا جیسا کہ صاحب مسلم الثبوت نے ذکر کیا ہے اجمع المحققون
على منع العوام من تقليد الصحابة بل عليهم اتباع الذين سبروا وبوبوا وهذبوا
ونقحوا وفرقوا وعللوا وفصلوا وعليه ابتنى ابن الصلاح منع تقليد غير الائمة
لان ذلك لم يدر في غيرهم انتهى اب حضرت متعصب کی طرف دیکہنا چاہئے کہ درباب
حدیث باوجودیکہ محدثین نے ابن صلاح پر اس امر مین رد کیا ہے اسکے قول کو ترجیح دیتا ہے
و درباب تقلید اسکے قول کو کچھ اعتبار نہین کرتا اور عوام جہال کے لئے دروازہ اجتہاد کا
کہول دیا ہے فاعتبروا یا اولی الالباب ان ہذا الا شیء عجاب اور ابن حبان کی تصحیح ترمذی کی تحسین کے برابر ہے
پس کتب حدیث سے کوئی کتاب سوائے صحیحین معتبر نہ رہی اب صحیحین کا حال اسکے مذہب
پر سنو جاننا چاہئے کہ حدیث صحیح لذاتہ مین اختلاف ہے جمہور کا مذہب یہ ہے على ما قال في نخبة الفكر

ما ثبت بنقل عدل تام الضبط متصل السند غیر معلل ولا شاذ۔ اور ہر مرتبہ مین
کم از دو راوی ثقہ سے ہونا شرط نہین بخلاف حاکم و ابو علی جبائی کو وہ یہ شرط کرتے ہین
پس وہ احادیث صحیحین کہ جنکی ہر مرتبہ مین دو دو راوی ثقہ نہ ہون ہو سایل کے نزدیک
وہ احادیث قابل حجہ نہین کیونکہ اُنہین کسیکی کلام ہے اور اُس نے لکہا ہے کہ ایسی
صحیح ہو کہ جسمین کسیکو کلام نہو اور نیز بخاری و مسلم مین شرط صحت کا اعتبار مین اختلاف
ہے اور نیز راویون کے اعتبار و عدم اعتبار مین اختلاف ہے بعضون کہ بخاری مسلم قبول
کرتا ہے اور مسلم رد کرتا ہے اور بعضون کو مسلم قبول کرتا ہے اور بخاری رد کرتا ہے جن راویون
سے بخاری نے بغیر مسلم کے روایت کی ہے ۴۳۵ مین جنمین ۸۰ ضعیف ہین اور جنسے
مسلم نے بغیر بخاری کے روایت کی ہے ۶۲۰ ہین جنمین سے ۱۶۰ ضعیف ہین ہکذا
قال القاری فی شرح شرح نخبۃ الفکر وھکذا قال النووی فی شرح مسلم وھکذا
قال بحر العلوم فی شرح مسلم الثبوت پہر عنعنہ مین اختلاف ہے بخاری لقا کو شرط کرتا
ہے اور مسلم معاصرہ کو پس جن احادیث معنعنہ مین یہ اختلاف موجود ہوگا وہ بھی قابل حجۃ
نہ ہین اور نیز تدلیس مین محدثین کا اختلاف ہے کہ نفس تدلیس بھی جرح ہے یا نہین پس جسقدر
رواۃ مدلسین صحیحین کے احادیث مین ہین وہ احادیث نیز قابل حجت نہین فی
شرح نخبۃ الفکر وحکم من ثبت عنہ التدلیس اذا کان عدلا ان لا یقبل منہ
الا ما صرح فیہ بالتحدیث علی الاصح انتہی وفی شرح نخبۃ الفکر وقال فریق من
المحدثین والفقہاء من عرف بارتکاب التدلیس ولو مرۃ صار مجروحا مردود الروایۃ
وان بین السماع واتی بصیغۃ صریحۃ فی ھذا الحدیث او فی غیرہ من احادیثہ انتہی
اور امام نووی نے مقدمہ شرح مسلم مین اور شیخ عبد الحق نے مقدمہ شرح مشکاۃ مین ہے

اب باقی قرآن وحدیث سے نزاع اگر نہین مفسر یا محکم حیرانی کا مقام ہے کہ اگر کسی غیر مقلد مقلد
سایل صاحب نے اپنی زوجہ کو طلاق دی اور اسکو نکاح کرنے دوسرے شوہر کی حاجت ہے
اور جناب سے حکم پوچھا آپ کیا حکم فرمائینگے قرآن مین والمطلقات یتربصن بانفسہن ثلثۃ
قروء واقع ہے اور لفظ قروء مشترک بین الطہر والحیض ہے اور تعیین احد المعنیین جسکو
نایل کہتے ہین مجتہد کا کام ہے دربارہ التعیین اول سے نہ نص آیت یتین حیض کا حکم فرما سکتے
نہ تین طہر کا کیونکہ آیۃ احد المعنیین مین نص نہین اور دونون کا ایک جگہ ارادہ کرنا نیز
نہین کیونکہ عموم مشترک بین الضدین بالاتفاق جائز نہین پس بموجب شروط
مذہب سوال سایل تعطیل اکثر قرآن واہمال اکثر احادیث نبوی لازم آتا ہے اشتہار مین تو
ظاہر اہلین لوگون کے مغالطہ دینے کیواسطے لکہین اما مباحثہ نامچہ مین حدیث محمد ابن اسحاق
کے ساتہ استدلال قرأۃ فاتحہ خلف الامام پر کیا جاتا اگر حدیث مین علی تقدیر تسلیم تصریح
بالتحدیث بنابر مذہب سایل چندین وجوہ سے خلل باقی ہے اول صحیح لذاتہ بلکہ لغیرہ بلکہ حسن لذاتہ
نہین **دوم** معنعن مدلس ہے کیونکہ تصریح تحدیث شیخ سے کسی روایت مین وارد ہوئی ہو مگر شیخ
شیخ سے اسی طرح واقع ہے **سوم** جرح بدعت کا متعین ہے **چہارم** جرح تدلیس کا
متحقق ہے ہنوز آیا الرین وبگران را نصیحت خود را فضیحت پر کمر باندہی ہے اگر ہم کو تطویل کا
خوف نہ ہوتا ہر ایک مسئلہ کو کہ جہان جناب سایل نے استدلال کیا ہے لیا کرتے ناظرین
کرتے اور فعل خلاف قول جناب کو تماشا گاہ نظارگیان بناتے یاایہا الذین امنوا لم تقولون
مالا تفعلون کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا مالا تفعلون جناب کے گوش گذار نہین ہوئی
انصاف فرماوین کہ معیار مین حدیث قلتین کو جو بطریق استدلال لائے ہین آیا صحیح متفق علیہ
ہے جسمین کسیکو کلام نہین ہے حالانکہ اکثر علماء حنفیہ ومالکیہ نے اسکو ضعیف کہا ہے اور نیز لفظ علتہ نفس

ہے یا شک اور بعد تسلیم اتحاد المعنیین ماول ہے یا نص صریح قطعی الدلالۃ کہ پیدا ہین تا کہ
استدلال کیوقت ایسی حدیثین پیش کرنی اور دوسرے نص صریح قطعی الدلالۃ درخواست کرنی
برائے خدا بتلائے کہ ظہر کے وقت کو ایک مثل تک جاننا کس حدیث صحیح نص صریح قطعی الدلالت کا
مدلول و منطوق سمجھا ہے اور صلی کا معنی فرغ عن الصلوٰۃ کرنا یہہ کس قسم کا صریح قطعی الدلالۃ ہے
او جمع بین الصلوتین کیواسطے کونسی حدیث صحیح نص صریح قطعی الدلالۃ پیش کی ہے یہہ حدیث
خرج علینا النبی صلعم بالہاجرۃ الی البطحا فتوضا فصلی لنا الظہر والعصر یا حدیث ابو الطفیل کہ
جسکی عدم صحت پر جہان کا اتفاق ہے الحیا من الایمان پر کار فرما کر ایسی باتون کو موُنہہ سے
مت نکالو اگر ہم تحقیق کرین اس شخص کے مذہب پر دین نبوی ہرگز قابل حجۃ نہین بیان اسکا
یہہ ہے کہ اجماع و قیاس سناب کے نزدیک معتبر نہین مگر وہ اجماع کہ جسکی سند پر علم ہوا اور واقع مین
وہ استدلال بالاجماع نہین بلکہ استدلال بسند ہی اور اصطلاح محدثین و فقہا بھی انکے نزدیک
غیر معتبر ہے مگر وہ اصطلاح کہ جسپر کتاب و سنت و اجماع صحیح بشروطہ شاہد ہو اور اقوال علماء
بھی غیر معتبر ہین مگر وہ قول جو با سند و دلیل ہو وے سند و دلیل غیر معتبر ہین اور سند قرآن
و حدیث مین منحصر ہے یہہ سب اخبار مطبوعہ ۱۳- اکتوبر ۱۸۷۷ء مین سایل نے لکھا ہی اور نیز اپنا
مذہب بیان کیا ہی کہ محمدی ہون بلا تقلید زید و عمر اور نصوص احمدیہ کا طالب ہون اور
انہون کے راہ سے جواب کا راغب اسرور اپنا رکھتا ہون از مصطفی شنیدن واز دیگران
بریدن اور نیز معیار مین لکھا ہے کیونکہ اخبار مین سند صحیح متصل لازم ہوئی الخ بعد تمہید ہذا
ہم کہتے ہین اگر کسی شخص نے آپسے کسی مسئلہ کا حکم پوچھا اور بعد اُسکے طالب دلیل ہوا
اور آپنے کوئی حدیث پیش کی اُس نے عود کرکے کہا کہ ہمنے جناب رسالتماب کو نہین دیکھا
ہم کس طرح یقین کرین کہ یہہ حدیث آنحضرت صلعم کی ہے آپ جواب مین یہہ ارشاد فرماوینگے

کہ اگرچہ ہمنے آنحضرت صلعم کو نہیں دیکھا اور یہ اخبار واحادیث سنی ہیں لیکن ثقات
ومعتبرین نے آنحضرت سے روایت کیا ہے پس جو شخص عمرو ایسے سوال کریگا ہمکو ثقات ومعتبرین
سے کیا کام ہے ہمارا اور زبان ہے [illegible] واندیگران ہر بیدین علاوہ انکے ثقات
ومعتبرین کہ قول معتبر وہ ہیں جو باسند [illegible] ہوں ان ثقات ومعتبرین کیواسطے کیا دلیل
ہے کہ یہہ قول وفعل آنحضرت کا ہے اگر آپ جواب فرماوین کہ ان ثقات ومعتبرین نے
رواۃ ثقات ومعتبرین سے ایسا ہی روایت کیا ہے سایل عرض کریگا کہ انکو ثقات ومعتبرین
کسنے لکھا ہے اور انکے ثقہ ہونیکی کیا دلیل ہے کن کن صفات سے آدمی ثقہ ہوتا ہے اور ان
صفات کو لایق ثقہ واعتبار کے لئے کسنے مقرر کیا ہے اور انمین ان صفات کا ہونا کس
دلیل سے ہے آپ فرماوینگے کہ ناقدین حدیث جو بڑے بڑے معتبر علما گذرے ہیں انکو
ثقہ ومعتبر لکھا ہے اور عدل وحفظ وغیر شذوذ و دیگر صفات موجب ثقاہت ہیں اور یہہ سب
صفات علماؤن کے ٹھہرائی ہوئی ہیں اور انکا متصف ہونا صفات ثقاہت کے ساتھ
انھیں علماؤن نے لکھا ہے تو پھر وہ شخص لکھیگا کہ ان ناقدین کا قول بلاسند کسطرح معتبر
ہے جبتک کہ کسی آیت یا حدیث سے ثابت نکرین کہ یہہ لوگ ثقہ وحافظ وفقیہ وامام وغیر معلل
وغیر شاذ و دیگر صفات کی ساتھ متصف تھے یا ان صفات کا موجب اعتبار جاننا کس دلیل
سے ثابت ہے اصطلاح آپکی [illegible] ہوا تو وہ معتبر ہے کہ جسپر کتاب وسنت واجماع
صحیح بشروطہا شاہد ہو اور علما کا قول بلاسند وحجت نہیں معتبر ہے علاوہ انکے جو ناقدین نے ان
راویون کے لئے صفات بیان کئے ہیں جبتک اسناد صحیح متصل سے ثابت نکرین قبول نہیں
کیونکہ ایسی تعریفین شعبہ وغیرہ بعض ہیں اور نیز جو حدیثان امور کے لئے پیش کیجاویگی انمین
بھی اسیطرح گفتگو ہے فیلزم الدور او التسلسل وہو باطل فالملزوم ایضا باطل اگر جواب میں

ارشاد کرین کہ استناد بکتاب و سنت اعتقاد و اعمال مین خاصکر بکار ہے نہ غیر ان [illegible]
واعیان خارجیہ مین اس استناد کی کچھ ضرورت نہین حضرت کہ [illegible] واقعات [illegible]
ہون یا مستقبل اپنے محکی عنہ کو چاہتے ہین پس جبتک استناد بقرآن وحدیث نہو قابل اعتماد
شمار نہین کیونکہ قول بلا دلیل کبھی شمار قابل اعتبار نہین اور نیز اسباب علم تین ہین عقل و
حواس و خبر صادق اور اعیان خارجیہ کا ثبوت جبتک ان تینون مین سے ایک کے ساتھ
نہو وہ قابل اعتبار نہین اب آپ فرماوین کہ یہ صفات، ذات اور یہ معانی اصطلاحیہ اور یہ
اعتبار شروط آیا عقل یا حواس یا خبر صادق کے ساتھ ثابت ہین اصل ثانی کے ساتھ ہرگز
ثابت نہین وہو ظاہر باقی رہی خبر صادق اور وہ بغیر قرآن وحدیث کے لائق اعتبار نہین
اور نیز اگر واقعات وامور خارجیہ مین استناد کی ضرورت نہین تو امام اعظم کے فضایل
کے رد کرنیکے واسطے اس امر کو کیون آپنے پیش کیا ہے اگر آپ فرماوین کہ یہ معانی اصطلاحیہ
اصل دین نہین انکا استناد آیت وحدیث کیطرف کرنا کچھ ضروری نہین سایل کہیگا کہ مبادی
دو قسم ہین قسم اول وہ مبادی ہین جن پہ مدار احکام شرعیہ نہین قسم دوم وہ ہین جنپر مدار
احکام شرعیہ ہے قسم اول مین آیت وحدیث کے ساتھ استناد کرنا ضروری نہین اور قسم دوم
مین ضروری ہے آپکو یاد نہین کہ آپنے لکھا ہے حجت ہونا اصطلاح [illegible] اسوقت معتبر
ہے کہ کتاب وسنت واجماع صحیح بشروطہا سے ثابت ہو آپ فرماوین کہ آپکے اصول موضوعہ پہ
کوئی حدیث نبوی ثابت ہو سکتی ہے حاشا وکلا چہ جائیکہ حدیث کہ وہ تو احاد ہے قرآن متواتر
تیز لانہ ہون کے طریق پر ثابت نہین ہو سکتا کیونکہ کسی آیت وحدیث سے ثابت نہین کہ کلمات
قرآنیہ اور آیات قرآنیہ اسقدر ہین اور یہ جو مابین دفتین ہے وہ ہی کلام اللہ منزل ہے اور تقدیم
بعض آیات بعینہا بعض آیات بعینہا پر اور ایسا ہی تقدیم بعض سور بعینہا بعض سور بعینہا پر

اور تعداد سور اور ہر ایک سورۃ میں اسقدر آیات اور وہ آیات یہی ہیں جواب ہیں باین
ترتیب و تعداد آنحضرت سے بطریق صحیح ثابت کرو اگر کہو کہ یہ بات تو بہت مشہور ہے حدیث کی کیا ضرورت
ہے ہم کہتے ہیں کہ اس بنا پر جو لوگ ہیں جنکو علما و فضلا کہا جاتا ہے اور انکا قول بلا سند
معتبر ہے ورنہ تراویح کا بیس رکعت ہونا جو صحابہ سے بطریق ثابت ہے اور طلاق ثلث بکلمہ واحد
سے تین طلاق واقع ہونا صحابہ سے ثابت ہے اسمیں کیوں مخالفت کرتے ہو اور نیز علماء کا
قول بلا سند معتبر جاننا لازم آئیگا لہذا حلف افسوس ہا و بدوان اصول موضوع مخترعہ کہ جنکا
حال ہے علماء سنت کے سامنے گردن اٹہا کر دعوی کرتے ہو اور جہال کو بہانہ عمل بالحدیث نام
زنگی کا فور دہوکہا دیتے ہو فانتظروا حتی یاتی اللہ بامرہ اور اگر شق ثانی ہے پس فرماؤ
کہ انکی سوال کے موافق ہمکو جواب دینا لازم ہے حاشا و کلا انکو مناسب تہا کہ اسطرح سوال کرتے کہ ایک
مسئلہ سواے ادلہ کے کوئی نہ بیان کرو ادلہ اربعہ سے اور اگر سینہ زوری سے ہر وہم سوال کرو گے تو ہم کہتے
ہیں کہ اگر ایک دہریہ آپسے پوچہے کہ اثبات واجب الوجود میں ... تو قول اس
امر میں غیر معتبر ہیں یعنی اسباب علم کہ تین ہیں انمیں سے ایک سے ... ثابت کرو جیسا کہ انکو
کیا اہلسنت سے جنکے نزدیک چار اصول معتبر ہیں دو اصول کے بعض انواع کے ساتھ ہر ایک مسئلہ
ثابت کرو پس جو جواب دہریہ کو فرماؤ گے وہی جواب ہماری طرف سے بہی خیال کریں اگر منکر
رسالت آپ سے سوال کرے کہ ثبوت رسالت معجزہ سے ثابت کرو اور خبر کو محتمل صدق و کذب جانکر قرآن
وحدیث وکتب سماوی کو معتبر تصور نکرے یعنی وہ دلیل طلب کرے جو زمانہ رسالت میں طلب کیجاتی
تہی آپ کیا ارشاد فرماوینگے معجزہ دکہائینگے یا کہینگے کہ آنحضرت کا معجزہ ہمکو علماء کی زبانی ثابت ہوا ہے
اور سوال مطابق نفس الامر نہیں ہم بہی اسیطرح آپکی خدمت میں عرض کرینگے کہ نص صریح قطعی الدلالۃ
کا سوال زمانہ جناب رسالتمآب میں متصور تہا اب بسبب فقد زمانہ رسالت چار اصول معتبر ہیں اور ہر ایک

مسئلہ کیواسطے نص صریح قطعی الدلالۃ کا ہونا ضرور ہے تو ہر مسئلہ کی بابت حضور کو بھی
ہے وہی نسبت حضور کی ہماری طرف ہے جو ہی جواب لائق آپکے ارشاد کرینگے ہماری طرف سے بھی
قبول فرماوین اگر کسی شخص سے کہ اُسکے نزدیک قرآن و حدیث و اجماع و قیاس صحیح اور امام مجتہد یقین ہیں
کوئی سوال کرتا ہے کہ ہمکو ہر مسئلہ پر آیت حدیث اور وہ بھی بتاؤ ایک فقرہ جسکو نص صریح قطعی الدلالۃ
کہتے ہیں بتاؤ ورنہ جواب غلط اور غیر صحیح ہی فرماوین کیونکہ سوال [illegible] کا اثم کیا ہے یا نہیں
اور ہمکو سوال کے مطابق جواب دینا لازم و واجب ہے یا نہیں اور یہ سوال مثل سوال [illegible] ہے
یا مثل خلیفہ موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا [illegible] پس ہم پر لازم ہے کہ اپنی یا اصول مسئلہ کی طرح
جواب دین خواہ اُسکی قیود مشتمہ سوال کے مطابق ہوں یا نہ ہوں انسان کے [illegible] ہونیکی
دلیل مجیب پر لازم نہیں ای صاحب اشاعۃ السنۃ میں جواب تو نے کے ورق سیاہ کرتے ہو کبھی
نص صریح قطعی الدلالۃ سے کہ اقوال بن فہیم و شوکانی [illegible] وغیرہما کی نقل کرکے اکابر دین
کی بے ادبیان کرکے روسیاہی دارین حاصل کرتے ہو [illegible] تیرا مذہب

الحمد للہ علی اتمامہ والشکر علی انعامہ والصلوٰۃ علی رسولہ وآلہ واصحابہ
واتباعہم ائمۃ المجتہدین والمحدثین والمتکلمین
اللّٰھم احشرنا فی زمرتہم بجاہ نبیک
وحبیبک وصفیک
محمد خاتم النبیین
الی التبیین

خاتمۃ الطبع

تقریظ فاضل المعی لوذعی فطین زمان محسود اقران مشہور در آفاق عالم مولوی غلام غوث صاحب ابن جامع المعقول والمنقول لیناً مولوی محمد عالم صاحب ساکن کھوڑی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ اللہ ما اعظم شانہ وما احسن برہانہ عز سبحانہ سبحانہ فی وصفہ عیی عقول. هو اللہ الذی ارسل رسولہ یہدی الی الصراط المستقیم ویہدی الی الدین القویم الصلوۃ والتحیات علیہ وعلی آلہ الطیبین الطاہرین واصحابہ المخلصین الراشدین وائمۃ المجتہدین الراسخین سیما اولہم واولیہم رتبۃ وزینۃ امامنا مقتدانا الامام الاعظم النعمان بن ثابت الکوفی شکر اللہ سعیہ فی احیا کلماتہ واستنباط احکامہ من الکتاب والسنۃ والاجماع والقیاس اما بعد فقد الفی الی کتاب کریم وما ادریک ما الکتاب هو کتاب عزیز ولا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ اما هو کتاب یکشف السوء عن وجوہ المترددین وما هو خطاب ینتزع السواد عن قلوب الزائغین وقد الہمنی ربی فی تاریخ مصر اعنی کتاب مفید خطاب لطیف ۱۲۹۵ھ وما ظنک انہ سیف مسلول علی عنق الوہابیۃ الخبیثۃ وسہم مسموم فی اکباد الغیر مقلدین الخبیثۃ الذی اعلی بعضہم الطعن فی ائمۃ الدین واقصی غایتہم القدح فی الاولیاء المقربین علی قلوبہم اکنۃ لا یفقہون حدیثا ویحسدون الناس علی ما اتیہم من اللہ فضلا عظیما. عاملہم اللہ بعدلہ وابعدہم من فضلہ فطالعتہ علی سبیل الاستعجال عند الارتحال واستقدت بہ علی نمط الاجمال والاہمال فوجدتہ صحیحا مقرونا بالحق والصواب وملتقی بالقبول لدی اولی الالباب ابوابہ مقاصد الہدایۃ بکا بحاثہ من الدرایۃ روایاتہ مرویۃ عن الثقات العدول کاسنادہ صحیحہ من الرواۃ الفحول تمامہیدہ براعۃ الاستہلال علی المہمات النبال وتقاریبہ سہلۃ لجمال الحل عقد الاعضال دلائلہ رشیقۃ الملمع براہینہ انیقۃ النظام اشکالہ کاشکال المحبطی معضلۃ الانحلال ونواقضہ کلوامع الفلسفی منعسرۃ الزوال ما من بدیع الا ودعی فیہ وما من مبالغ الا اودع فیہ لطیف لا وقد صنفہ الفاضل العلامۃ وصفہ النحریر الفہامۃ صدر الافاضل فخر الاماثل عالم الفروع

والاصول ماهر المنقول والمعقول مولينا الورعي الالمعي ذو المجد والجاه المولوي
حبيب الله البشاوري لقبا والامرتسري مسكنا والحنفي مذهبا لا زال علم
ارشاده وافادته مرتفعا في مضمار العالمين ما برح قلم اصلاحه وافلاحه ناسخا على صفحات
المعالم فلله دره وعلى الله اجره ولعمري ان مولينا قد جهد غاية الجهد في تزييفهم
وبذل اقصى الهمة في تضعيفهم عند فشا الزمان في الاتباع والتقليد وخاض اهل العناد
في النبوة والتوحيد وانه راس ايات الشريعة الحنيفية السمحة البيضاء والتباس رسوم الفقه
المتفقهة للنفحة الغراء وشيوع مسايل اهل البدع والاهواء وذيوع رسايل الخدع
والارداء فهم اضلوا وضلوا عن سواء السبيل والله يهدي كل غوي وضليل فهذا
تذكرة منه للطالبين المسترشدين وموعظة للمتقين المهتدين شعر فما مات من
خيره واصله وما غاب من ذكره حاضره وقد كان ذلك في سلخ شهر ذيقعده سنة
الف ومائتين وثمان وتسعين من هجرة النبي على صاحبها افضل الصلوات وازكى التحيات

وهذا قطعة في تاريخ الكتاب

لمولينا حبيب الله فينا — كتاب فيه تحصيل المرام — كتاب فارق للخير والضير
كلام بارع خير الكلام — لاثبات المسايل والشرايع — عزيز حجة عند العظام
لدى صولة الخصام على فقيه — دليل للفؤاد المستهام — له من ربنا الاعلى جزاء
جزاء الخير في يوم القيام — فيصل فارق للصدق الكذب — فما الاختلافات العظام
فبادر ليها التالي السيه — بانكار على الد الخصام — فقال مؤرخا في عام غوث

كتاب فيه تنقيح المقام

تقریظ وتاریخ نتیجه طبع بلند فکر آسمان پیوند ذکی عصر فهیم دهر سابق فنون
رنگین محمد جلال الدین ابن مولینا ابو محمد حبیب الله صاحب پشاوری

تزئین کلام حمد ایزد دیست وتوشیح نظم ثنای شه دانی ست ابتدائے اسو ر بیدائی ابتری حیران

سرگردان تا آنکه رہنمائی ہدایت دستش نگیرد و کارہائی ذو بال در تیہ رسوائی و بی برکتی سیرا
پریشان تا آنکه قاید ستایش بمنزل مقصودش نرساند صلوٰة که رفیق راه حمد است در بدو ہر امر
ظہیر بجد یکه نہایتش چون عدد لا ینتہی الی الامد و درود که انجامش چون آنات غیر المنتہی الی الحد
[illegible]ت بر سید بشیر و نذیر عدیم النظیر مل محقق العدیل و المثیل المدعو ابراہیم الخلیل المہبط لجبرائیل
و بر آل نبیل و اصحاب جلیل او فاما بعد مطبع نوابیه فتن نجدیه ماحی رسوم محدثه وہابیه رساله
عشرہ مبشرہ که [illegible] چون بنیان مرصوص براہین قطعیه اش معقول
منصوص اظہار حق از ہر نکته اش پیدا انتصار اسلام از ہر لفظش ہویدا نقوض وارده اش
[illegible] خصم ارتفاعش از طوق [illegible] تابع اجو[illegible] از شبہات واہیه معاندش مثل
[illegible] است بر گردن خوارج — ماہران علوم شرعیه و اصحاب فنون عقلیه که ژرف نگاہان
تحقیق و باریک بینان تدقیق اند اگر به [illegible] جمال ابکار افکارش و اشعه از حسن عرایس الطارش
[illegible]یان تا ابد جان و دل [illegible] نثارش سازند و عقل و ہوش باختهٔ مشاہده اش گردانند
و [illegible] انباشد که مطلع اشعه نیرین اعظمین و مطمح انظار متبحرین و مجمع آب زلال افکار بحرین عذبین
[illegible] جناب حجی مراسم ملت رافع اعلام سنت ہادی گم گشتگان تیه ضلالت سد یاجوج طغیان
[illegible] تدمان مولینا مولوی **ابو محمد حبیب الله** صاحب مد الله ظلال افادته علی
[illegible] المسترشدین و جناب ناصر الاسلام و الملة فی الدین معجزهٔ رسول رب العالمین ظل عمر
[illegible] شیاطین صولت فاروق جہت منافقین حضرت مغفور مبرور مولوی **محمد [illegible]** صاحب
[illegible] در جنة فی العلیین است تاریخ طبعش به صفحهٔ خاطرم از سید ، فیاض بدین نقش
[illegible]م یافت۔

تخریب وہابیہ نجد

۱۲۹۸
سنه ہجری

اطلاع

یہہ رسالہ اگرچہ اُن دس سوالون کا جو مولوی **محمد حسین صاحب**
لاہوری نے علمائے حنفیہ سے کیے تھے جواب ہی لیکن اب ہمارا مخاطبہ اس رسالہ کا اُن سے
نہین اسلئے کہ یہہ جواب اُن متعصبین کا ہے جو ائمہ مجتہدین واکابر دین کی نسبت سوء ظن رکھتے
ہین بخلاف مولوی محمد حسین صاحب کے کہ جناب الٰہی نے انکو ورطہ ظلمانیہ تعصب سے نکال کر
[illegible] اہی اور اتفاق اسلام اور اہل اسلام انکا مقصود اصلی ٹھہرایا ہے اور ہمارا بھی اس امر مین
[illegible] اتفاق ہے اور تقلید معین کا قایل اور ہم سے متفق ہین فرق اسقدر ہی کہ ہم جو
[illegible] ن اور وہ [illegible] ائمہ فقہاء کے مقلد ہین اور وہ ائمہ محدثین کا اگرچہ
ہم [illegible] تمام ہین [illegible] دران ہین ہے فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون
اور وہ [illegible] لایل ہین جسکی ممانعت ہے قال اللہ تعالیٰ ولا تقف ما لیس لک به علم
ان السمع [illegible]صر والفواد کل اولئک کان عنه مسئولا لیکن ہمکو اتفاق سے
کام [illegible] مخالفت وشقاق سے — ای منزل فرقان واے مبعث سید الانس والجان
[illegible] فط قرآن واے مظہر دین اسلام وایقان فرقہ ضعیفہ متشتتہ اسلامیہ مین اپنے
[illegible] کرم سے اتفاق مرحمت فرما اور متعصبین اور تفرقہ ڈالنے والون کو ہدایت کر آمین

تاریخ طبع از نو رس بہارستان سخن عزیز الدین بن نبی بخش لعل ہار

جبکہ مولینا حبیب اللہ نے — جنکے باعث رونق اسلام ہے — فرقہ نجدیہ کے رد مین لکھا
یہہ رسالہ جو چھپا جسکا عام ہے — ملہم غیبی نے فرمایا عزیز — نجدیون پہ تیشہ [illegible]

۱۲۹۸ ہجری

تمام شد